It's permissible according to Quraan and Sunnah to say **"Ya RasoolAllah"**

Permissibility of Saying

Ya RasoolAllah

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

COMPILED BY KABEER AHMED SHAIKH

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL


BOOK'S / PAMPHLET'S NAME

Permissibility of Saying Ya RasoolAllah

صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

AUTHOR :	KABEER AHMED SHAIKH
LANGUAGE :	ENGLISH
TOPIC :	AQAIDO MAMULAATE AHLE SUNNAT
DESIGNING :	PURE SUNNI GRAPHICS
PUBLISHING TIME :	OCTOBER 2022
PUBLISHER :	SABIYA VIRTUAL PUBLICATION
PAGES :	140

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION



Allah
beginning with the name of
the Most Gracious, the Most Merciful

All Praise to Allah, the Lord Of The Creation,
and countless blessings and peace
upon our Master Muhammad ﷺ he leader of the Prophets.

Permissibility of Saying

Ya RasoolAllah

صَلَّى اللهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

It's permissible according to Quraan and Sunnah to say **"Ya RasoolAllah"**

Permissibility of Saying
Ya RasoolAllah

صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

Compiled By
Kabeer Ahmed Shaik

Publisher
Sabiya Virtual Publication

Contents

(Click on Headings to direct jump on corresponding pages)

Important Note


Sabiya Virtual Publication is publishing Islamic literature collected from various sources. A lot of people are reaching out for publication of their written works. We want to specify an important clarification. We are taking responsibility for all the contents in our Books and Pamphlets to the extent that each and every content pertain to Ahle Sunnat Wa Jama'at and it is obvious that every writer belongs to Ahle Sunnat Wa Jama'at as well. The books of the Scholars of Ahle Sunnat Wa Jama'at are translated into different languages and no one should doubt about that. When it comes to Lafzi (word in its original, basic meaning) and Imlaaii (to write a word with the particular letters which are used for that word) errors we take responsibility of those which are published by us, meaning presented by **Abde Mustafa Official Team.** Consider us exonerated in case of such errors in the works that we receive from others as we don't calibrate word for word.


The Books and Pamphlets of **Abde Mustafa Official** are published after various stages and there's still a chance of such errors. We request you to please inform us if you find any errors.

Sabiya Virtual Publication
Powered by Abde Mustafa Official

Introduction:

We have variety of people today come up with new issues everyday in a different approach and trying to divert the youth of ahlus sunnah wajamath towards deviant sects. I would like to recall one hadith from sahih muslim which warn us to stay away from these deviants. Every time they are using different tactics and methodology to divert the innocent sunnis particularly they are targeting the students of schools and colleges in a professional manner and then injecting their wahabi ideology to destroy their emaan in the name of quran and hadith. These two words are being misused in this current era.





باب ۳

باب النهي عن الرواية عن الضعفاء والاحتياط في تحملها

ضعیف راویوں سے روایت کرنے کی ممانعت

۱۳- وحدثني محمد بن عبد الله بن نمير وزهير بن حرب قالا ثنا عبد الله بن يزيد قال حدثني سعيد بن ابي ايوب قال حدثني ابو هانئ عن ابي عثمان مسلم بن يسار عن ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال سيكون في اخر امتي اناس يحدثونكم بما لم تسمعوا انتم ولا اباؤكم فاياكم واياهم۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے اخیر زمانہ میں لوگ ایسی احادیث بیان کریں گے جن کو پہلے نہ تم نے سنا ہوگا اور نہ تمہارے باپ دادا نے لہٰذا ان سے جس قدر ممکن ہو دور رہنا۔

جلد اول

marfat.com

۶۷

۱۴- وحدثني حرملة بن يحيى بن عبد الله بن حرملة بن عمران التجيبي قال ثنا ابن وهب قال حدثني ابو شريح انه سمع شراحيل بن يزيد يقول اخبرني مسلم بن يسار انه سمع ابا هريرة يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون في اخر الزمان دجالون كذابون يأتونكم من الاحاديث بما لم تسمعوا انتم ولا اباؤكم فاياكم واياهم لا يضلونكم ولا يفتنونكم

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اخیر زمانہ میں جھوٹے دجال لوگوں کا ظہور ہوگا اور وہ تم کو ایسی احادیث سنائیں گے جن کو نہ تم نے سنا ہوگا نہ تمہارے باپ دادا نے، جس قدر ممکن ہو تم ان سے دور رہنا کہیں وہ تمہیں گمراہی اور فتنہ میں نہ مبتلا کر دیں۔

There are so many confusions and objections made by deviants in our time. I am going to discuss only one point here which is about the permissibility of saying "Ya Rasool Allah SallAllahu Alaihi wa Sallam". We can see lot of illiterate people shouting on the road sides from variety of sources and says it is not permissible to utter "Ya Rasoolullah SallAllahu Alaihi wa Sallam" and it is shirk.

It is the sunnah of Sahaba, the Tabain, the Aimma Mujtahidin, the awliya allah and most prominent scholars of islam since 1400 years to call "Ya RasoolAllah SallAllahu Alaihi wa Sallam". Insha allah references including books of deviants.


I am kindly requesting the readers to note down all the references and discuss the same with nearby ulama if you find something difficult. Alhamdulillah we the people of ahlus sunnah are bound by spiritual leaders and guides since 1400 years. We should proud our self to be in the path of ahlus sunnah the sawad-e-azam. I am also requesting my readers to start your research works in free time to have depth knowledge about aqaid of ahlus sunnah to protect and save our emaan.

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari

Al-Bani removed 83 chapters and 400 Ahadith from one single Hadith book, Adab Al-Mufred, written by Imam Bukhari. He did the same thing with many other important Ahadith books. Imam Bukhari and his works are accepted by entire Muslim Umma as most authentic, after Quran. He is the undisputed Imam in Hadith Narration.

Can any Muslim in the world believe that Imam Bukhari will write 83 spurious and concocted Hadith Chapters in his book? To declare Imam Bukhari to have included 83 Chapters of wrong Ahadith means, Al-Bani has branded Imam Bukhari as extremely untrustworthy

and unworthy to be a Hadith scholar, let alone be an Imam of Hadith (Astaghfirullah). Branding Imam Bukhari in such a fashion means removing the important pillar of Islam from its basement. How can the building stand without its basic important structural column.



Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari

مصنف عبد الرزاق الصنعانی رقم الحدیث: 1715' مصنف ابن ابی شیبة رقم الحدیث: 37182' مسند احمد رقم الحدیث: 21218' السنن الکبری للنسائی رقم الحدیث: 8813' شرح مشکل الآثار رقم الحدیث: 3204' صحیح ابن حبان رقم الحدیث: 3153' المعجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث: 532

تشریح: اس حدیث میں اپنے باپ دادوں کے نسب پر فخر کرنے سے منع کیا گیا ہے کہ یہ جہالت کی باتیں ہیں اور مذہب اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں ہے۔

"فـاعـضـوهُ" اسے (یعنی آلۂ تناسل کو) کاٹنے کے لیے کہو۔ ان الفاظ کے ساتھ انتہائی ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا کہ جاہلانہ بات اور نسب پر فخر و مباہات مت کرو کہ اسی سے نسب کی نشو ونما ہے' یہ نہ رہے گا تو نشو ونما نسل کی رُکے گی' پھر فخر بھی نہ ہوگا۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ قَالَ : حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُتَيٍّ، مِثْلَهُ.

حضرت عثمان نے کہا کہ ہم سے مبارک بن فضالہ نے حدیث بیان کی از حضرت حسن از حضرت عتی' اسی کی مثل۔

438- بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ إِذَا خَدِرَتْ رِجْلُهُ

جب آدمی کا پاؤں سن ہو جائے تو وہ کیا کہے؟ اس کا بیان

964 - حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ : حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ : خَدِرَتْ رِجْلُ ابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: اُذْكُرْ اَحَبَّ النَّاسِ اِلَيْكَ، فَقَالَ : يَا مُحَمَّدُ.

حضرت عبدالرحمٰن بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سن ہو گیا تو ایک آدمی نے ان سے کہا کہ اس ہستی کا ذکر کیجئے جو آپ کو تمام لوگوں سے محبوب ہو' تو انہوں نے کہا: یا محمد!

عمل الیوم واللیلة لابن السنی رقم الحدیث: 168' غریب الحدیث لابراھیم جلد 2 صفحہ 673

تشریح: اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ آقا کریم ﷺ کو بحیثیت آپ کے اسم مبارک کے وصف کے "یا محمد" کہہ کر نداء کرنا جائز ہے۔

آقا کریم ﷺ کا "یا محمد" کہہ کر ذکر کرنا اور آپ کو یاد کرنا مقصود ہو تو پھر بھی جائز ہے' جیسا امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت میں ذکر کیا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے مقصود کی خاطر آقا کریم ﷺ کو "یا محمد" کہہ کر پکارا (یاد رہے کہ ادب المفرد صفحہ: ۲۵۰ کے نسخہ مطبوعہ المطبعۃ الاثریہ لائل پور اور مطبوعہ مصر' صفحہ ۹۳ کے پرانے نسخوں میں حرف نداء "یا" اس حدیث میں مذکور ہے لیکن اس دور میں پاکستانی مطبوں کے اکثر نسخوں اور مطبوعہ مصر کے کل نسخوں میں لفظ "یـــا" کو اس

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari

روایت سے ختم کر دیا گیا ہے' اسے علمی دنیا کی خیانت کہیں گے یا حضور آقا کریم ﷺ کی ذات کے ساتھ تعصب کا نتیجہ کہ رسول اللہ ﷺ کو لفظ "یا" کے ساتھ یاد نہیں کرنا)۔

اس حدیث سے یہ بھی ثبوت حاصل ہوا کہ آقا کریم ﷺ کی ذات والا شان کو اپنی مصیبت دُکھ میں پکارنا شرک نہیں بلکہ عین عمل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی ہے۔

اور یہ بھی ثبوت حاصل ہوا کہ اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کے نزدیک ان کی محبوب ترین ہستی حضور آقا کریم ﷺ ہی تھے۔ مسلک اہل سنت و جماعت کے پیروکار "یارسول اللہ' یا محمد' یا حبیب اللہ" لفظ نداء کے ساتھ اپنے پیارے آقا و مولا حضور نبی کریم ﷺ کو پکارنا جائز قرار دیتے ہیں' کیونکہ سرورِ کون و مکان تاجدار کائنات ﷺ نے خود اس کی اجازت اپنے صحابہ کو عطا فرمائی ہے جیسا کہ کتب حدیث میں یہ حدیث مبارکہ ہے:

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نابینا صحابیؓ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بینائی عطا فرمائے' تو سرورِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جاؤ وضو کرو اور دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا مانگو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ ۔ (جذب القلوب صفحہ ۲۳۰' ابن ماجہ صفحہ ۹۹' ترمذی صفحہ ۱۹۷' مستدرک للحاکم جلد ا صفحہ ۵۱۹' صحیح ابن خزیمہ جلد ۲ صفحہ ۲۲۶' شفا شریف جلد ا صفحہ ۲۷۳)

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں حضرت محمد نبی رحمت ﷺ کے وسیلہ سے متوجہ ہوتا ہوں "یا محمد" (ﷺ) بلاشبہ میں آپ کے وسیلۂ جلیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں' اپنی اس حاجت میں کہ پوری ہو جائے' اے اللہ! میرے حق میں حضور کی شفاعت قبول فرما۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے اس وظیفہ مجرب کو محدثین کرام نے اپنی اپنی کتب میں درج فرمایا۔ چنانچہ مشہور محدث حضرت علامہ ابن اثیر جزری نے اپنی تصنیف لطیف "حصن حصین" میں بھی اس وظیفہ (جس میں "یا محمد" کے ساتھ استغاثہ پیش کیا گیا ہے) کو مشکل' پریشانی اور طلب حاجت کے لیے پڑھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی ہے' فرماتے ہیں:

من كان له ضرورة فليتوضأ فيحسن وضوءه ويصلي ركعتين ثم يدعوا .

جسے کوئی ضرورت ہو یا حاجت ہو تو وہ اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے' پھر یہ دعا کرے۔

"اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ"۔

اور حضرت امام جزری رحمۃ اللہ عنہ نے اپنی اس تصنیف لطیف کے دیباچہ میں لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب میں جتنی بھی احادیث جمع کی ہیں' وہ سب کی سب صحیح ہیں۔

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari

محدثین کرام میں سے ایک اور جلیل القدر محدث علامہ ابن السنی نے اپنی مایہ ناز کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" (صفحہ ۹۷ مطبوعہ نور محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی) میں یہ روایت کئی سندوں کے ساتھ بیان کی ہے۔

اسی طرح علامہ نووی، شارح صحیح مسلم نے بھی اپنی تصنیف "کتاب الاذکار" کے صفحہ ۱۳۵ پر یہ روایت نقل فرمائی ہے۔

علماءِ غیر مقلدین کے شیخ قاضی شوکانی نے تحفۃ الذاکرین صفحہ ۲۴۹ مطبوعہ مصر اور شیخ وحید الزمان نے ہدیۃ المہدی جلد ۱ صفحہ ۲۳ میں یہ روایت درج کی اور اس بات کی تصدیق کی کہ یہ روایت صحیح ہے۔

نواب صدیق حسن خان بھوپالی نے اپنی کتاب "الداء والدواء" کے صفحہ ۳۶ پر لکھا ہے کہ شرجی کہتے ہیں کہ ایک بار حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا پاؤں سُن ہو گیا تو انہوں نے کہا: "یا محمد!" تو وہ فوراً کھل گیا۔

فتوح الشام میں مذکور ہے کہ جب حضرت کعب بن حمزہ رضی اللہ عنہ کی لڑائی یوقنا سے ہوئی تو اس وقت حضرت کعب پکارتے تھے:

يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا نَصْرُ اللّٰهِ اَنْزِلْ ۔ اے محمد مصطفےٰ! اے محمد مصطفےٰ! (ﷺ) اے اللہ کی مدد نزول فرما! (فتوح الشام صفحہ ۲۹۸)

اُمت محمدیہ کے جلیل القدر امام محدث، مفسر، فقیہ حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ شرح الصدور میں تحریر فرماتے ہیں: ملک شام میں تین بھائی اپنے وقت کے بڑے بہادر اور پہلوان تھے، ہمیشہ کفار کے ساتھ جہاد میں برسرِ پیکار رہتے تھے۔ شاہِ روم نے انہیں گرفتار کر لیا اور کہا کہ اگر تم دینِ عیسوی کو قبول کر لو تو میں تمہیں اپنا ملک دے دوں گا اور اپنی بیٹیوں سے تمہاری شادی کر دوں گا۔

فَاَبَوْا وَقَالُوْا يَا مُحَمَّدَاهُ ۔ (شرح الصدور صفحہ ۸۹) تو انہوں نے انکار کر دیا اور (پکارنے لگے:) اے محمد (ﷺ)! ہماری مدد فرمایئے!

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ اپنے قصیدہ میں آقا کریم ﷺ سے یوں فریاد کرتے ہیں:

يَا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اَدْرِكْ لِزَيْنَ الْعَابِدِيْنَ ۔۔۔ مَحْبُوْسٌ اَيْدِى الظَّالِمِيْنَ فِى الْمَوْكَبِ وَالْمَزْدَهِمِ

"اے رحمۃ للعالمین! زین العابدین کی مدد کو پہنچئے، وہ اس ازدحام میں ظالموں کے ہاتھوں قید ہے"۔

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے قصیدہ میں یوں بارگاہِ رسالت میں استغاثہ پیش کرتے ہیں:

يَا سَيِّدُ السَّادَاتِ جِئْتُكَ قَاصِدًا ۔۔۔ اَرْجُوْ اَرْضَاكَ وَاَحْتَمِىْ حِمَاكَ

"اے پیشواؤں کے پیشوا! میں دلی ارادے سے آپ کی بارگاہ میں آیا ہوں، آپ کی رضا کا اُمیدوار ہوں اور اپنے آپ کو آپ کی پناہ میں دیتا ہوں"۔

حضرت علامہ امام جامی رحمۃ اللہ علیہ بارگاہِ رسالت میں یوں فریاد کرتے ہیں:

ز مہجوری برآمد جان عالم ۔۔۔ ترحم یا نبی اللہ ترحم

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari

نہ آخر رحمۃ للعالمینی زمحروماں چرا فارغ نشینی

"جدائی سے عالم کی جان نکل رہی ہے' یا نبی اللہ! رحم فرمایئے' رحم فرمایئے! کیا آخر آپ رحمۃ للعالمین نہیں ہیں' پھر ہم محروموں سے فارغ کیوں تشریف فرما ہیں"۔

یہ ہیں مشتے از خروارے' وہ چند دلائل جو اصحابِ رسول' تابعین عظام' محدثین کرام اور اُمت مسلمہ کے جلیل القدر علماء کے معمولات رہے ہیں اور جو بارگاہِ رسول کریم ﷺ میں بطور استغاثہ اور نداء یا رسول اللہ کے اہل سنت و جماعت کے عقیدہ حقہ پر روشن دلیل ہیں۔


439- بَابٌ

965 - حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ : حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ : حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى، اَنَّهٗ كَانَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَائِطٍ مِّنْ حِيطَانِ الْمَدِينَةِ، وَفِیْ يَدِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُودٌ يَّضْرِبُ بِهٖ مِنَ الْمَآءِ وَالطِّينِ، فَجَاءَ رَجُلٌ يَّسْتَفْتِحُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِفْتَحْ لَهٗ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَذَهَبَ، فَاِذَا اَبُوْ بَكْرٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَفَتَحْتُ لَهٗ، وَبَشَّرْتُهٗ بِالْجَنَّةِ . ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ اٰخَرُ، فَقَالَ : اِفْتَحْ لَهٗ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَاِذَا عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَفَتَحْتُ لَهٗ، وَبَشَّرْتُهٗ بِالْجَنَّةِ . ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ اٰخَرُ، وَكَانَ مُتَّكِئًا فَجَلَسَ، وَقَالَ : اِفْتَحْ لَهٗ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰى بَلْوٰى تُصِيبُهٗ، اَوْ تَكُونُ، فَذَهَبْتُ، فَاِذَا عُثْمَانُ، فَفَتَحْتُ لَهٗ، فَاَخْبَرْتُهٗ بِالَّذِیْ قَالَ، قَالَ : اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ۔

باب

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ مدینہ منورہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں تھے اور حضور نبی کریم ﷺ کے دست مبارک میں ایک لکڑی تھی جس کو آپ پانی اور مٹی میں مار رہے تھے' پس ایک آدمی آیا اس نے دروازہ کھلوانا چاہا تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دو' پس وہ گئے تو (دیکھا کہ) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں' تو ان کے لیے میں نے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی بشارت دی' پھر ایک اور آدمی نے دروازہ کھلوانا چاہا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دو' تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے' پس میں نے ان کے لیے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی خوشخبری دی' پھر ایک اور آدمی نے دروازہ کھلوانا چاہا اور آپ ﷺ ٹیک لگائے ہوئے تھے تو آپ بیٹھ گئے اور فرمایا: اس کے لیے دروازہ کھولو اور اسے جنت کی خوشخبری دو' جو اس کو پہنچے گی یا ہوگی' پس میں گیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے' سو میں نے ان کے لیے دروازہ کھولا اور انہیں اس بات کی خبر دی جو

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari – Arabic (Al Bani)


الأدب المفرد

الجامع للآداب النبوية

طبعة مصححة ومقابلة على أصول معتمدة

تصنيف

الإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن إسماعيل البخاري

المتوفى ٢٥٦هـ

بتخريجات وتعليقات

أبي عبد الرحمن

محمد ناصر الدين الألباني

المتوفى ١٤٢٠هـ

دار الصديق

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari – Arabic (Al Bani)

In this place he simply rejects all the ahadith which are against wahabi ideology as discussed earlier. Refer his comments as Dayeef.

بشيءٍ، وما نَصْنَعُ به؟ قالَ: «أتُحِبُّونَ أنّه لَكُمْ؟». قالُوا: لا. (قال ذلكَ لهم ثلاثاً). فقالُوا: لا واللّهِ! لو كانَ حيّاً لكانَ عَيْباً فيهِ أنّه أسكُ (والأَسَكُّ الذي ليسَ له أُذنَان) فكيف وهو ميّتٌ؟ قالَ: «فَوَاللّهِ، للدُّنْيَا أَهْوَنُ على اللّهِ مِنْ هذا عليكُمْ».

صحيح ـ «صحيح أبي داود» (١٨١)، «التعليق الرغيب» (١٠١/٤): [م: ٥٣ ـ الزهد، ح٢].

٩٦٣ ـ حدَّثنا عثمانُ المؤذِّن قال: حدَّثنا عوفٌ، عن الحسن، عن عُتَيّ بن ضَمْرَةَ قال: رأيتُ عندَ أُبَيٍّ[1] رجلاً تعزّى بعزاء الجَاهِلية، فأَعَضَّهُ أُبَيٌّ ـ ولم يُكنِهِ ـ فنظرَ إليهِ أصحابُهُ قالَ: كأنَّكُمْ أَنْكَرْتُمُوهُ؟! فقالَ: إنّي لا أَهَابُ في هذا أحَداً أَبَداً؛ إنّي سمعتُ النَّبيَّ ﷺ يقولُ: «مَنْ تَعَزَّى بِعَزَاءِ الجَاهِلِيَّةِ، فَأَعِضّوهُ[2] ولا تَكْنُوهُ».

صحيح ـ «الصحيحة» (٢٦٩): [ليس لهذا الصحابي ذكر عندي]!

(٠٠٠) ـ حدَّثنا عثمان قال: حدثنا مبارك بن فضالة عن الحسن عن عتي.. مثله.

٤٣٧ ـ باب ما يقولُ الرجلُ إذا خَدِرَت رِجلُه

٩٦٤ ـ حدَّثنا أبو نُعيم قال: حدَّثنا سفيانُ، عن أبي إسحاقَ، عن عبد الرحمن بن سعد قال: خدرتْ رِجْلُ ابنِ عمرَ، فقال له رجلٌ: اذْكُرْ أحبَّ النّاسِ إليكَ، فقالَ: «يا محمَّدُ!».


ضعيف ـ «تخريج الكلم الطيب» (٢٣٥).

(١) كذا وقع في الكتاب (أبي) غير منسوب وهو أبيّ بن كعب، كما جاء مصرحاً به في «مسند» الإمام أحمد وغيره، وغفل عن ذلك محمد فؤاد عبد الباقي ـ رحمه الله ـ فظن أنّ لفظة (أبي) بفتح الهمزة بإضافة ياء النسبة إلى لفظ (الأب) أي: أبي المتكلم عُتَيّ بن ضمرة، فيكون على ذلك أبوه ضمرة صحابي الحديث! فقال في تعليقه عليه: «ليس لهذا الصحابي ذكر عندي»!
وانطلى الأمر على الشارح، فلم يتولّ بيان هذه الحقيقة، وهي أنّ صحابي هذا الحديث هو أبيٌّ بن كعب.

(٢) «فأعضوه»: زاد أحمد وغيره في رواية «بِهَنِ أبيه». قال ابن الأثير: «أي: قولوا له: اعضض بأير أبيك، ولا تكنوا عن الأير بالهن، تنكيلاً له وتأديباً».


٣٤٦

Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari – English



Al Adab Al Mufrad By Imam Bukhari – English

In English version published by UK Islamic Academy simply removed the word "Ya" in the translation. This is called tampering of khawarjis.



less in the sight of Allah than this goat is to you."

963. 'Utayy ibn Damura said, "I saw a man with my father who was consoling another man in the way people used to console each other in the Jahiliyya. My father bit him and would not use his kunya. His companions looked at my father and he said, 'It appears that you disapprove of that.' He said, 'I will never respect anyone who does this! I heard the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, say, "If someone consoles people in the way people consoled each other in the days of the Jahiliyya, then bite him, and do not use his kunya."'"

437. What a man says when his foot goes to sleep

964. 'Abdu'r-Rahman ibn Sa'd said, "Ibn 'Umar's foot went to sleep and a man said to him, 'Mention the person you love most.' He said, 'Muhammad.'"

XDI. Greetings

438. Chapter

965. It is related that Abu Musa was with the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, in one of the gardens of Madina. He said, "The Prophet, may Allah bless him and grant him peace, had a twig in his hand with which he was striking the water and mud. A man came and asked for the garden to be opened, and the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, said, 'Open it for him and give him the good news of the Garden.' I went and it was Abu Bakr, may Allah be pleased with him. I opened the gate for him and gave him the good news of the Garden. Then another man asked to be let in and the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, said, 'Open the door and give him the good news of the Garden.' It was 'Umar, may Allah be pleased with him, and I let him in and gave him the good news of the Garden. Then yet another man asked to be let in. The Prophet had been reclining, but he then sat up and said, 'Open it for him and give him the good news of the Garden along with an affliction which will befall him ? or which will happen.' I went and it was 'Uthman, I opened the door and told him what the Prophet had said. He said, 'Allah is the One who is asked for help.'"

439. Shaking hands with children

966. Salama ibn Wardan said, "I saw Anas ibn Malik shake hands with some people and he asked me, 'And who are you?' I said, 'The mawla of the Banu Layth.' He stroked my head three times and said, 'May Allah bless you.'"

440. Shaking Hands

967. Anas ibn Malik said, "When the people of Yemen came, the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, said, 'The people of Yemen have arrived and they have gentler hearts than you. They are the first to offer the handshake.'"

968. Al-Bara' ibn 'Azib said, "Part of the full greeting is to shake your brother's hand."

441. A woman stroking a child's head

969. Ibrahim ibn Marzuq ath-Thaqafi related that his father (who had belonged to Allah ibn az-

As Indicated earlier, in some versions of Al Adab Ul Mufrad about 400 ahadith were removed by Nasiruddin Al Bani. Read the below online fatwa by Qatar muftis defending this corrupted works of Al Bani and praising his tamperings.

www.islamweb.net

Islamweb Fatwas

Fatwa Title : Are All Narrations in Al-Adab Al-Mufrad Authentic?
Fatwa No. : 375457
Fatwa Date : 29/04/2018

Question:

I want to ask if all the ahadith mentioned in Al-Adab Al-Mufrad by Imam Bukhari are Saheeh and why did Al-Albani removed aprox 400 ahadith from Al-Adab Al-Mufrad like those of kissing hands and feet because they should not have been removed due to Imam Bukhari made a Bab on these ahadith that were ? removed by Al-Albani

Fatwa:

All perfect praise be to Allah, The Lord of the Worlds. I testify that there is none worthy of worship except Allah, and that Muhammad, sallallaahu 'alayhi wa sallam, is His slave .and Messenger

First of all, we say that we have highlighted in many Fataawa in our Arabic site that Imaam Al-Bukhaari, may Allaah have mercy upon him, did not commit himself in his book *Al-Adab Al-Mufrad* to listing only authentic narrations, nor did he mention this in the book [*Al-Adab Al-Mufrad*]. However, he mentioned .the chain of narrators and it is for the reader to look at this chain

We clarified that this matter does not undermine the status of Al-Bukhaari, as many Imaams listed in their books both the authentic and inauthentic narrations, and this is not something they are to be blamed for, because they did not commit themselves to only stating the authentic narrations; among whom was Imaam Ahmad, Abu Daawood, At-Tirmithi, An-Nasaa'i, Ibn Maajah, and others. Imaam Al-Bukhaari committed himself to mentioning the authentic narrations only in his .book *Al-Jaami' As-Saheeh*

In order to know the authentic and the inauthentic narration in *Al-Adab Al-Mufrad*, you check the classification of the scholars and their ruling on the chain of narrators mentioned in the book; the most important of which is the review of .[Shaykh Al-Albaani on this book [*Al-Adab Al-Mufrad*

The Chapter to which you referred to –dear questioner, is the chapter of "Kissing the Foot", in which Imaam Al-Bukhaari mentioned a Hadeeth and a statement of a companion. The Hadeeth was narrated by Az-Zaari' ibn 'Aamir, who said: "*We came and we were told, 'That (over there) is the Messenger of Allah.' We took his hands and feet and kissed them.*" The chain of narrators of this Hadeeth .includes Umm Abaan bint Al-Waazi' who is unknown

As for the statement of the companion, it was of Suhayb, who said: "I saw 'Ali [kissing the hands and feet of Al-'Abbaas." [End of quote

Shaykh Al-Albaani considered it as Dha'eef (inauthentic) due to Suhayb (who is .unknown and) who was the servant of Al-'Abbaas ibn 'Abdul-Muttalib

The fact that Al-Bukhaari, may Allaah have mercy upon him, mentioned this .Chapter does not necessary mean that what is mentioned in it is authentic

As for the reason why Shaykh Al-Albaani removed that number of narrations, then this is something he did and it is his won judgment. He thought that it is better to separate the authentic narrations from the inauthentic ones and put each set in a separate book. He did the same thing in the four books of Sunan, and people may differ with him, may Allaah have mercy upon him, on that, as it was possible to classify the authentic and inauthentic narrations while keeping the .book in its original version as authored by its author


.Allah knows best

Fatwa answered by: The Fatwa Center at Islamweb


www.islamweb.net

Jamia Tirmidhi Published by Darussalam

In the jamia tirmidhi translation kindly note the comments referring Al Bani. Even though the hadith is sahih they say it is not required to present intercession of our beloved prophet صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ .



Jamia Tirmidhi Published by Darussalam



اذکارِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

[جلد دوم]

امام ابوزکریا محی الدین النوّوی

ترجمہ و افادات

مولانا نثار احمد القاسمی

بن مولانا محمد حصیر الدین قاسمی

فرید بُک ڈپو (پرائیویٹ) لمیٹڈ

FARID BOOK DEPOT (Pvt.) Ltd.

NEW DELHI-110002

Al Azkar By Imam Navawi

نمازتراویح بالاتفاق سنت ہے،اور یہ بیس رکعت ہے،ہردورکعت پرسلام ہے،اس نماز کاطریقہ بقیہ دیگرنمازوں ہی کی طرح ہے جس کابیان پہلے گذرچکا ہے،اس میں بھی نماز کی وہی سابقہ دعا واذکار ہیں،مثلاً دعاء استفتاح،حمدوثناء،اور بقیہ سارے اذکاروتشہد پھرتشہد کے بعد دُعاء وغیرہ۔

یہ باتیں اگرچہ معروف ومشہور ہیں پھربھی لوگوں کے تساہل اوربعض دعاء واذکار سے بےاعتنائی کے سبب میں نے اس کی طرف اشارہ کردیا ہے،جہاں تک مقدارقراءت کی بات ہے توپسندیدہ قول اورامت کاعملی اتفاق اس بات پر ہے کہ تراویح کے اندر پوراقرآن پورے مہینہ میں ختم کرنا چاہئے یعنی ایک شب میں ایک پارہ،اور مستحب ہے کہ اسے ترتیل سے ٹھہرٹھہر کر پوری وضاحت سے پڑھاجائے،اورایک پارہ پڑھ کراسے طول نہ دے،اورعام طور پرمساجد کے جاہل ماحول کی جوعادت ہے سحررمضان کی ساتویں شب میں آخری (بیسویں) رکعت کے اندر پوری سورۃ انعام پڑھتے ہیں اورگمان کرتے ہیں کہ یہ پوری سورت یکلخت نازل ہوئی ہےتواس سے حد درجہ اجتناب وپرہیز کرنا چاہئے،کیونکہ یہ بدعت اورناپسندیدہ عمل اورایسی جہالت ہے جواپنے اندرکئی برائیاں لیتے ہوئے ہے،اوراس کی وضاحت پہلے گذرچکی ہے،نیز "التبیــــان فــی حملۃ القرآن" کے اندرمیں نے اس کی بحث تفصیل سے ذکرکی ہے۔

(باب-۱۴)

نمازحاجت کی دعاء:

۵۲۶- سنن ترمذی وابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ سے مروی ہے،وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا:

"مَنْ كانت له حَاجَةٌ إِلَى اللّٰهِ تعالىٰ، أَوْ إِلَى أَحَدٍ مِنْ بَنِيْ آدَمَ فَلْيَتَوَضَّأْ، وَيُحْسِنِ الْوُضُوءَ ثُمَّ لِيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ لِيُثْنِ عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ، وَلْيُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ —صلى الله عليه وسلم— ثُمَّ

وَقِنَا عَذَابَ النَّار. (۱)

اے اللہ (اے میرے رب) تو مجھے دنیا میں بھی بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھی بھلائی عطا کر، اور مجھے جہنم کے عذاب سے بچالے۔

۵۲۷- ترمذی وابن ماجہ میں حضرت عثمان بن حنیفؓ سے مروی ہے کہ ایک نابینا شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کیا، آپ اللہ سے دعا فرمادیں کہ اللہ مجھے عافیت دے، تو آپ ﷺ نے فرمایا:

اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ، وَاِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ.

اگر تم چاہو تو میں تمہارے لئے دعا کردوں اور اگر چاہو تو صبر کرو، اور یہی تیرے لئے بہتر ہے۔

اس شخص نے کہا، تو پھر آپ دُعا فرمادیں، آپ نے اسے خوب اچھی طرح وضوء کرنے کا اور ان الفاظ میں دعا کرنے کا حکم دیا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَامُحَمَّدُ، اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلٰى رَبِّىْ فِىْ حَاجَتِىْ هٰذِهٖ لِيُقْضٰى لِىْ، اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ. (۲)

اے اللہ میں آپ سے سوال کرتا ہوں، اور آپ کے نبی جو کہ نبی رحمت ہیں کے ذریعہ (ان کے وسیلے سے) آپ کا قصد کرتا ہوں (متوجہ ہوتا ہوں) اے محمد میں نے آپ کے ذریعہ اپنے رب کا اپنی اس ضرورت کے لیے قصد کیا ہے کہ میری یہ ضرورت پوری کی جائے، اس لئے آپ ان کی سفارش میری حق میں قبول فرمائیں۔

(باب-۱۵)

(۱) دیکھیں بخاری: ۶۳۸۹ و مسلم: ۲۶۹۰

(۲) سنن ترمذی: ۳۵۷۳، سنن ابن ماجہ ۱۳۸۵ و قال الترمذی: حسن صحیح

Al Azkar By Imam Navawi

(باب-۱۷)

پاؤں سن ہونے کے وقت کی دعاء:

۸۷۵ - ابن سنی کی کتاب میں ہیثم بن حنش سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس تھے کہ ان کا پاؤں سن ہوگیا ایک شخص نے ان سے کہا، اپنے سب سے محبوب شخص کو یاد کرو تو انہوں نے کہا، یامحمد ﷺ، تو گویا بندھن کھل گیا۔(۱)

۸۷۶ - ابن سنی ہی کی کتاب میں مجاہد سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ کے پاس ایک شخص کا پاؤں بودہ ہوگیا تو ابن عباس نے فرمایا: اپنے سب سے محبوب شخص کو یاد کرو، اس شخص نے کہا محمد ﷺ تو اس کا بودہ پن دور ہوگیا۔(۲)

ابن سنی ہی کی کتاب میں ابراہیم بن منذر الحزامی، امام بخاری کے ان شیوخ میں سے ایک ہیں جن سے انہوں نے اپنی جامع صحیح میں روایت کیا ہے، سے مروی ہے کہ اہل مدینہ کو ابو العتاھیہ کا یہ شعر بہت پسند تھا جس اس نے کہا ہے

وَتَخْدَرُ فِیْ بَعْضِ الْاَحَایِیْنِ رِجْلُهٗ
فَاِنْ لَمْ یَقُلْ: یَاعَتْبُ، لَمْ یَذْهَبِ الْخَدَرُ

بسا اوقات اس کا پاؤں سن ہوجاتا ہے۔ اگر ''یاعتب'' (ہائے لنگراہٹ) نہ کہے تو اس کا سن ہونا دور نہیں ہوتا۔(۳)

Volume-2


(باب-۱۸)

مسلمانوں پر ظلم کرنے والوں کیلئے بددعاء کرنے کی اجازت:


یاد رکھیں کہ یہ بات بہت وسیع ہے، اس کے جواز پر کتاب وسنت کی تصریحات بے شمار

(۱) عمل الیوم لابن سنی ۱۶۹ اس کی سند ضعیف ہے۔
(۲) عمل الیوم لابن سنی ۱۶۸، ضعیف جدا، غیاث بن ابراہیم کذاب خبیث
(۳) عمل الیوم لابن سنی ۱۷۲

Sunan Ibn Maja



Sunan Ibn Maja



نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے دعا اور دعا کے قبول ہونے کا بیان

1385 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرِ بْنِ سَيَّارٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرَ الْبَصَرِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ادْعُ اللّٰهَ لِيْ اَنْ يُعَافِيَنِيْ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتُ لَكَ وَهُوَ خَيْرٌ وَّاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ فَقَالَ ادْعُهْ فَاَمَرَهُ اَنْ يَّتَوَضَّاَ فَيُحْسِنَ وُضُوْئَهُ وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ وَيَدْعُوَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰى اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ .

قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ .


حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک نابینا صاحب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کیجئے کہ وہ مجھے عافیت نصیب کرے! نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں تمہارے لیے دعا کو مؤخر کر دیتا ہوں اور یہ زیادہ بہتر ہے لیکن اگر تم چاہو تو میں تمہارے لیے دعا کر دیتا ہوں۔ انہوں نے عرض کی: آپ ﷺ میرے لیے دعا کر دیں! چنانچہ نبی کریم ﷺ نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ اچھی طرح وضو کر کے یہ دعا مانگیں:

"اے اللہ! میں تیرے نبی حضرت محمد ﷺ جو "نبی رحمت" ہیں کے وسیلے سے تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اے حضرت محمد ﷺ! میں اپنی حاجت پوری کروانے کے لیے آپ کے وسیلے سے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں متوجہ ہوتا ہوں۔ اے اللہ! میرے بارے میں اُن کی شفاعت قبول کر لے!"

1385: اخرجه الترمذی فی "الجامع" رقم الحدیث: 3578

شرح سنن ابن ماجه (جلد دوم) ﴿٦١٥﴾ كِتَابُ الصَّلٰوة

ابو اسحاق کہتے ہیں: یہ حدیث "صحیح" ہے



Hakim Al Mustadrak

بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ يَقُوْلُ: بِسْمِ اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، التُّكْلَانُ عَلَی اللّٰهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰی شَرْطِ مُسْلِمٍ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت ابوہریرہ ؓ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ گھر سے نکلتے تو یہ دعا مانگتے

بِسْمِ اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، التُّكْلَانُ عَلَی اللّٰهِ

''کوئی طاقت اور مجال اللہ کے سوا نہیں ہے اور اللہ ہی پر بھروسہ ہے''

✣✣ یہ حدیث امام مسلم ؒ کے معیار کے مطابق صحیح ہے لیکن اسے صحیحین میں نقل نہیں کیا گیا۔

1909۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَلْمَانَ الْفَقِيْهُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَاَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِیْ اَبِیْ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ خُزَيْمَةَ، يُحَدِّثُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَجُلًا ضَرِيْرًا اَتَی النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ تَعَالٰی اَنْ يُعَافِيَنِیْ قَالَ: اِنْ شِئْتَ اَخَّرْتُ ذٰلِكَ، وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ، قَالَ: فَادْعُهُ قَالَ: فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَوَضَّاَ، فَيُحْسِنَ الْوُضُوْءَ، وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، وَيَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ: اَللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ، وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّكَ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ فَتَقْضِيْهَا لِیْ، اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ وَشَفِّعْنِیْ فِيْهِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ

✧✧ حضرت عثمان بن حنیف ؓ فرماتے ہیں: ایک لاغر بیمار شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا: میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے عافیت عطا فرمائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو اس کو مؤخر کر لو اور چاہو تو میں دعا کر دیتا ہوں۔ اس نے کہا: آپ دعا فرما دیں۔ (حضرت عثمان ؓ) فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کرکے 2 رکعتیں ادا کرے اور پھر یوں دعا مانگے:

اَللّٰهُمَّ اَسْاَلُكَ، وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّكَ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ


''اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف تیرے نبی، نبی رحمت، محمد ﷺ کے واسطے سے متوجہ ہوتا ہوں، یا محمد ﷺ میں آپ کے واسطے سے، آپ کے رب کی بارگاہ میں متوجہ ہوں، اپنی اس حاجت کے سلسلے میں۔ تو میری اس حاجت کو پورا کردے۔ اے اللہ! ان کی شفارش میرے حق میں اور میری درخواست ان کے متعلق قبول فرما۔

حدیث: 1909

اخرجه ابوعبدالرحمن النسائي في "سننه الكبرى" طبع دارالكتب العلميه بيروت لبنان 1411ھ/ 1991ء رقم الحديث: 10495

✣✣ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری ؒ اور امام مسلم ؒ نے اس کو نقل نہیں کیا۔

In this hadith, Usman Bin Hunaif Radiallahu Anhu is referring the dua taught by our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ to another person who came to meet Hazrath Usman Ghani Radiallahu Anhu for some work. That person also recited dua with the intercession of our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ and his wish was fulfilled. Till today Alhamdulillah we sunnis are being blessed with the intercession of our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ .



ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عُثْمَانَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ هَانِءِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الصَّدَفِيِّ فِي حَدِيثِهِ، قَالَ هَانِءٌ: حَجَجْنَا فِي زَمَانِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَجَلَسْتُ فِي مَجْلِسٍ فِي مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَجُلٌ يُحَدِّثُهُمْ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَقْبَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى إِلَى هَذَا الْعَمُودِ، فَعَجِلَ قَبْلَ أَنْ يُتِمَّ صَلَاتَهُ، ثُمَّ خَرَجَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا لَوْ مَاتَ لَمَاتَ وَلَيْسَ هُوَ مِنَ الدِّينِ عَلَى شَيْءٍ، إِنَّ الرَّجُلَ لَيُخَفِّفُ وَيُتِمُّهَا فَسَأَلْتُ عَنْ هَذَا الرَّجُلِ فَقِيلَ لِي: عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ الْأَنْصَارِيُّ

عفان رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں حج کیا' میں رسول اللہ ﷺ کی مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' ایک آدمی بیان کر رہا تھا' اس نے کہا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک دن نماز پڑھ رہے تھے تو ایک آدمی آیا' اس نے اس ستون کے پیچھے نماز پڑھی' اس نے جلدی نماز پڑھی' پھر نکلا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر یہ اس حالت پر مرتا تو اس دین نے اسے کوئی فائدہ نہیں دینا تھا۔ وہ آدمی جو مختصر اور مکمل نماز پڑھتا تھا' میں نے اس آدمی کے متعلق پوچھا تو مجھے کہا گیا: وہ حضرت عثمان بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔

8232- حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ

حضرت عمہ عثمان بن حنیف فرماتے ہیں کہ ایک

ما اسند عثمان بن حنيف

جلد 2 صفحه 121' وفيه ابن لهيعة وفيه كلام' وفيه البراء بن عثمان ولم يعرف . قلت: ذكره الحافظ في اللسان جلد 2 صفحه 5' وقال: ذكره الحسيني في رجال المسند وقال ليس بالمشهور . قلت: بل هو معروف النسب والدار ثم قال بعد أن أشار الى هذا الحديث: فكأن البراء لم يدرك السماع من أبيه . وكذا في تعجيل المنفعة له .

8232- ورواه في الصغير جلد 1 صفحه183-184' وقال: لم يروه عن روح بن القاسم الأشيب بن سعيد المكي وهو ثقة' وهو الذي يحدث عنه أحمد بن شبيب عن أبيه عن يونس بن يزيد الأيلي' وقد روى هذا الحديث شعبة ابن أبي جعفر الخطمي - واسمه عمير بن يزيد - وهو ثقة' تفرد به عثمان بن عمر بن فارس عن شعبة' والحديث صحيح . قلت: لا شك في صحة الحديث المرفوع وأنما الشك في هذه القصة التي يستدل بها على التوسل المبتدع . وهي انفرد بها شبيب كما قال الطبراني . وشبيب لا بأس بحديثه بشرطين أن يكون من رواية ابنه أحمد عنه' وأن يكون من رواية شبيب عن يونس بن يزيد . والحديث رواه عن شبيب بن وهب وولداه اسماعيل وأحمد' وقد تكلم النقاد في رواية ابن وهب عن شبيب في شبيب' وابنه اسماعيل لا يعرف' وأحمد وان روى القصة عن أبيه الا أنها ليست

Al Mojam Al Kabeer

قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ الْمُقْرِءُ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ الْمَدَنِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَمِّهِ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ: أَنَّ رَجُلًا، كَانَ يَخْتَلِفُ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي حَاجَةٍ لَهُ، فَكَانَ عُثْمَانُ لَا يَلْتَفِتُ إِلَيْهِ وَلَا يَنْظُرُ فِي حَاجَتِهِ، فَلَقِيَ ابْنَ حُنَيْفٍ فَشَكَى ذَلِكَ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ بْنُ حُنَيْفٍ: ائْتِ الْمِيضَأَةَ فَتَوَضَّأْ، ثُمَّ ائْتِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ إِنِّي أَتَوَجَّهُ بِكَ إِلَى رَبِّي فَتَقْضِي لِي حَاجَتِي وَتَذْكُرُ حَاجَتَكَ وَرُحْ حَتَّى أَرُوحَ مَعَكَ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ فَصَنَعَ مَا قَالَ لَهُ، ثُمَّ أَتَى بَابَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَجَاءَ الْبَوَّابُ حَتَّى أَخَذَ بِيَدِهِ فَأَدْخَلَهُ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَأَجْلَسَهُ مَعَهُ عَلَى

آدمی کسی کام کیلئے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا جایا کرتا تھا لیکن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کسی مصروفیت کی وجہ سے اس کی طرف متوجہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی اس کے کام میں نظر فرماتے تھے' پس وہ آدمی حضرت ابن حنیف سے ملا اور ان کے سامنے اپنا مسئلہ پیش کیا۔ حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: وضو کیلئے پانی لے آ! اس کے بعد وضو کر پھر مسجد میں جا کر دو رکعت نماز نفل ادا کر۔ پھر یہ دعا کر: ''اللّٰھم انی اسالك الیٰ آخرہٖ'' اور ساتھ اپنے کام کا ذکر کر اور چلا جا' حتیٰ کہ میں بھی تیرے ساتھ چلوں گا۔ پس اس آدمی نے جا کر وہی کام کیا جو اُنہوں نے فرمایا تھا' پھر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دروازے پر آیا تو ادھر سے دربان آیا' وہ اس آدمی کے ہاتھ سے پکڑ کر اُسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لایا' پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسے اپنے ساتھ قالین پر بٹھا کر فرمایا: تیرا کام کیا ہے؟ پس اس نے اپنا کام بتایا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کام کو کر دیا۔ پھر اس سے کہا: تُو نے اب تک اپنا کام مجھے بتایا کیوں نہیں؟ اور

من طريق يونس بن يزيد . ثم اختلف فيها على أحمد' فرواه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 628' والحاكم جلد 1 صفحه 526 من ثلاثة طرق عن أحمد بن شبيب بدون ذكر القصة . ورواه الحاكم جلد 1 صفحه 526 من طريق عون بن عمارة البصري عن روح بن القاسم به . قال شيخنا محمد ناصر الدين الألباني في رساله القيمة التوسل صفحه 88 وعون هذا وان كان ضعيفًا فروايته أولى من رواية شبيب لموافقتها لرواية شعبة وحماد بن سلمة عن أبي جعفر الخطمي . وخلاصة القول: أن هذه القصة ضعيفة منكرة' لأمور ثلاثة: ضعف حفظ المتفرد بها' والاختلاف عليه فيها' ومخالفته للثقات الذين لم يذكروها في الحديث وأمر واحد من هذه الأمور كاف لاسقاط هذه القصة' فكيف بها مجتمعة؟

Al Mojam Al Kabeer

e

الطنفسة، فقال: حاجتك؟ فذكر حاجته وقضاها له، ثم قال له: ما ذكرت حاجتك حتى كان الساعة، وقال: ما كانت لك من حاجة فأذكرها، ثم إن الرجل خرج من عنده فلقي عثمان بن حنيف، فقال له: جزاك الله خيرا ما كان ينظر في حاجتي ولا يلتفت إلي حتى كلمته في، فقال عثمان بن حنيف: والله ما كلمته، ولكني شهدت رسول الله صلى الله عليه وسلم وأتاه ضرير فشكى إليه ذهاب بصره، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: فتصبر فقال: يا رسول الله، ليس لي قائد وقد شق علي، فقال النبي صلى الله عليه وسلم: ائت الميضأة فتوضأ، ثم صل ركعتين، ثم ادع بهذه الدعوات قال ابن حنيف: فوالله ما تفرقنا وطال بنا الحديث حتى دخل علينا الرجل كأنه لم يكن به ضر قط

حدثنا إدريس بن جعفر العطار، ثنا عثمان بن عمر بن فارس، ثنا شعبة، عن أبي جعفر الخطمي، عن أبي أمامة بن سهل بن حنيف، عن عمه عثمان بن حنيف، عن النبي صلى الله عليه وسلم، نحوه

8233- حدثنا أحمد بن زهير


فرمایا: جوبھی تیرا کام ہوتو مجھے بتایا کر۔ پھر وہ آدمی آپ کے پاس سے نکل کر حضرت عثمان بن حنیف سے ملا' ان سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے! وہ میرے کام کو نہ دیکھتے اور نہ ہی میری طرف متوجہ ہوتے یہاں تک کہ آپ نے میری سفارش کی۔ حضرت عثمان بن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! میں نے ان سے (آپ کی) کوئی سفارش نہیں کی (میں نے تو نسخہ بتایا ہے' اس کی وجہ یہ تھی) کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا' آپ ﷺ کے پاس ایک نابینا آیا تو اس نے شکایت کی کہ میں نابینا ہوں (آنکھیں چاہئیں)' تو رسول کریم ﷺ نے اسے فرمایا: صبر کرلو! (تمہارے لیے بہتر ہوگا)' اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کوئی میری انگلی پکڑنے والا نہیں اور مجھے بڑی مشکل ہے' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانی لاکر وضو کر پھر دو رکعت پڑھ پھر یہ دعا کر۔ حضرت ابن حنیف نے فرمایا: قسم بخدا! ہم جدا نہیں ہوئے اور نہ ہی کوئی لمبی بات کی یہاں تک کہ وہ آدمی ہمارے پاس آیا' گویا وہ کبھی نابینا تھا ہی نہیں۔

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

حضرت عثمان بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے

ما اسند عثمان بن حنيف

8233- قال في المجمع جلد 1 صفحه55' وفي اسناده جماعة لم أعرفهم . وقال جلد 2 صفحه14' وفيه سعد بن عمران قال



Mishqaat Commentory By Mufti Ahmed Yarkhan Nayeemi

روایت ہے انہی سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ کے کچھ فرشتے زمین میں سیر و سیاحت کرتے ہیں جو میری امت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں ۱؎ (نسائی،دارمی)	[6]- 924 وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِينَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُونِي مِنْ أُمَّتِي السَّلَامَ» . رَوَاهُ النَّسَائِيُّ والدارمي


۱؎ یعنی ان فرشتوں کی یہی ڈیوٹی ہے کہ وہ آستانہ عالیہ تک امت کا سلام پہنچایا کریں۔یہاں چند باتیں قابل خیال ہیں:ایک یہ کہ فرشتے کے درود پہنچانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضور بنفس نفیس ہر ایک کا درود نہ سنتے ہوں،حق یہ ہے کہ سرکار ہر دورو قریب کے درود خواں کا درود سنتے بھی ہیں اور درود خواں کی عزت افزائی کے لیے فرشتے بھی بارگاہِ عالی میں درود پہنچاتے ہیں تاکہ درود کی برکت سے ہم گنہگاروں کا نام آستانہ عالیہ میں فرشتہ کی زبان سے ادا ہو۔سلیمان علیہ السلام نے تین میل سے چیونٹی کی آواز سنی تو حضور ہم گنہگاروں کی فریاد کیوں نہ سنیں گے،دیکھو رب تعالٰی ہمارے اعمال دیکھتا ہے پھر بھی اسکی بارگاہ میں فرشتے اعمال پیش کرتے ہیں۔دوسرے یہ کہ یہ فرشتے ایسے تیز رفتار ہیں کہ ادھر امتی کے منہ سے درود نکلا ادھر انہوں نے سبز گنبد میں پیش کیا اگر کوئی ایک مجلس میں ہزار بار درود شریف پڑھیں تو یہ فرشتہ ان کے اور مدینہ طیبہ کے ہزار چکر لگائے گا یہ نہ ہوگا کہ دن بھر کے درود تھیلے میں جمع کرکے ڈاک کی طرح شام کو وہاں پہنچائے جیسا کہ اس زمانہ کے بعض جہلاء نے سمجھا۔تیسرے یہ کہ اللہ تعالٰی نے فرشتوں کو حضور انور کا خدام آستانہ بنایا ہے،حضور انور کا خدمت گار ان فرشتوں کا سارتبہ رکھتے ہیں۔

روایت ہے حضرت ابوہریرہ سے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مجھ پر کوئی شخص سلام نہیں بھیجتا مگر اللہ مجھ پر میری روح لوٹاتا ہے حتی کہ میں اس کا جواب دیتا ہوں ۱؎(ابوداؤد،بیہقی،دعوات کبیر)	[7]- 925 وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَا مِنْ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوحِي حَتَّى أَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ» . رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيرِ

۱؎ یہاں روح سے مراد توجہ ہے نہ وہ جان جس سے زندگی قائم ہے حضور تو بحیات دائمی زندہ ہیں۔اس حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ میں ویسے تو بے جان رہتا ہوں کسی کے درود پڑھنے پر زندہ ہو کر جواب دیتا رہتا ہوں ورنہ ہر آن حضور پر لاکھوں درود پڑھے جاتے ہیں تو لازم آئے گا کہ ہر آن لاکھوں بار آپ کی روح نکلتی اور داخل ہوتی رہے۔خیال رہے کہ حضور ایک آن میں بے شمار درود خوانوں کی طرف یکساں توجہ رکھتے ہیں،سب کے سلام کا جواب دیتے ہیں جیسے سورج بیک وقت سارے عالم پر توجہ کرلیتا ہے ایسے آسمان نبوت کے سورج ایک وقت میں سب کا درود سلام سن بھی لیتے ہیں اور اس کا جواب بھی دیتے ہیں لیکن اس میں آپ کو کوئی تکلیف بھی محسوس نہیں ہوتی کیوں نہ ہو کہ مظہر ذات کبریا ہیں،رب تعالٰی بیک وقت سب کی دعائیں سنتا ہے۔

روایت ہے انہی سے فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اپنے گھر قبور نہ بناؤ ۱؎ اور میری قبر	[8]- 926 وَعَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

This book is translated by great scholar of our time Allama Farook Khan Razvi Sahab. This book contains many ahadith related to the subject.



Hayathul Ambiya Fi Quboorihim By Jalaluddin Suyooti

كذا و كذا صلاة - [1]

پڑھتا ہے۔ [1]

۱۹) اخبرنا علی بن محمد بن بشران انباء ابو جعفر الرازی ثنا عیسٰی بن عبدالله الطیالسی ثنا العلاء بن عمرو الحنفی ثنا ابو عبدالرحمن عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم قال : من صلی علی عند قبری سمعة ومن صلی علی نائياً منه ابلغته [2] ابو عبدالرحمن هذا هو محمد بن مروان السدی فيما اری و فيه نظر و قد مفی ما يوكده - [3]

حدیث نمبر : ۱۹

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "جس نے میری قبر کے پاس مجھ پر درود شریف پڑھا میں اس کو خود سنتا ہوں اور جس نے قبر سے دور پڑھا وہ مجھے پہنچا دیا جاتا ہے"۔ [2]

ابوعبدالرحمٰن وہ محمد بن مروان سدی ہے میرے نزدیک اس میں نظر ہے۔ (یعنی وہ ضعیف راوی ہے) مگر اس حدیث کی تائید گذشتہ احادیث سے ہوتی ہے۔ [3]

۲۰) واخبرنا ابو عبدالله الحافظ انباء ابو عبدالله الصفّار ثنا ابوبكر بن ابی الدنیا حدثنی سوید بن سعید حدثنی ابن ابی


حدیث نمبر : ۲۰

حضرت سلیمان بن سحیم (تابعی جو ثقہ راوی ہے) نے فرمایا کہ مجھے خواب میں رسول

[1] مسند اسحاق بن راہویہ۔۱۵۳، طبقات الشافعیہ الکبریٰ۔۱/۱۶۹، مسند البز ار۔۴/۴۷، التاریخ الکبیر للبخاری۔۶/۴۱۶، الکامل۔۵/۱۷۴۷، الترغیب والترھیب۔۲/۳۱۹، الجرح والتعدیل ابن ابی حاتم۔۶/۲۹۶،

[2] الترغیب والترھیب۔۲/۳۱۷، شعب الایمان۔۲/۲۱۸، طبقات الشافعیہ۔۱/۸۷، رسائل القشیر یہ۔۱۷،

[3] اس حدیث کا ایک راوی ابوعبدالرحمٰن محمد بن مروان سدی ہے جسکے بارے میں ائمہ نے فرمایا متہم بالوضع اور متہم بالکذب ہے۔ دیکھئے میزان الاعتدال۔۴/۳۳، الضعفاء الکبیر۔۴/۱۳۶، تہذیب الکمال۔۱۷/۲۰۷، الصارم المنکی۔۲۸۳،


مرقاة المفاتیح اردو

للعلامة الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری ھجری ۱۰۱۴

شرح

مشکوۃ المصابیح

للامام العلامة محمد بن عبد اللہ الخطیب التبریزی المتوفی ۷۴۱

مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم

جلد سوم

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-37224228-37355743

Mirqatul Mafateeh Shara Mishqaar Masabeeh

زیادہ درود پڑھنے والا قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کے قریب ہوگا

۹۲۳: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اَکْثَرُھُمْ عَلَیَّ صَلَاۃً۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذي في السنن ۱/۳۵٤ حديث رقم ٤٨٤۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو مجھ پر درود زیادہ پڑھتے ہیں۔

تشریح: حضور نبی کرم، سرور دو عالم ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھنا اس بات کی دلیل ہے کہ انسان کے دل میں نبی ﷺ کی تعظیم بہت زیادہ ہے اور تعظیم مقتضی ہے نبی ﷺ کی پیروی کی، اور نبی ﷺ کی پیروی دلیل محبت ہے جس پر پروردگار عالم کی محبت مرتب ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے:

﴿قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ﴾[آل عمران: ۳۱]

"اے حبیب ﷺ! آپ فرما دیجئے اگر تم اللہ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت بھی فرمائے گا اور تمہارے گناہوں کو بھی معاف فرمائے گا"۔

اسی وجہ سے بکثرت درود شریف پڑھنے والے کو یوم قیامت نبی ﷺ کا قرب حاصل ہوگا۔ اس حدیث کے ضمن میں علامہ ابن حبانؒ فرماتے ہیں کہ اس صحیح حدیث کی روشنی میں معلوم ہوا کہ قیامت کے دن نبیؐ کے سب سے زیادہ قریب محدثین کرام ہوں گے کیونکہ اس امت میں ان سے زیادہ درود شریف پڑھنے والی کوئی جماعت اور گروہ نہیں ہے اور بعض حضرات نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ محدثین قولاً وفعلاً دونوں طرح نبی ﷺ پر درود شریف پڑھتے ہیں اس لئے انہیں یہ اعزاز حاصل ہوگا۔

فرشتے درود پہنچاتے ہیں

۹۲۴: وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنِیْ مِنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ۔ (رواہ النسائی والدارمی)

أخرجه النسائي في السنن ۳/٤۳ حديث رقم ۱۲۸۲۔ والدارمي في السنن ۲/٤۰۹ حديث رقم ۲۷۷٤۔ وأحمد في المسند ۱/٤۵۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بہت سے فرشتے زمین پر سیاحت کرتے ہیں اور میری امت کا سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔ (نسائی، دارمی)

تشریح: امت مرحومہ میں سے جب بھی کوئی شخص نبی ﷺ پر درود وسلام کا تحفہ پیش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر کردہ فرشتے اسے نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیتے ہیں خواہ درود وسلام کے یہ کلمات تھوڑے ہوں یا زیادہ۔ لیکن یہ اسی صورت میں ہوتا ہے جبکہ درود وسلام پڑھنے والے جناب رسول اللہ ﷺ کے روضۂ مقدسہ ومطہرہ سے دور ہو اور اگر درود وسلام پیش کرنے والا روضۂ اقدس واطہر کے قریب ہو تو نبی ﷺ سے خود براہ راست سماعت فرماتے ہیں اور یہی نہیں بلکہ اس کا جواب

Mirqatul Mafateeh Shara Mishqaar Masabeeh

بھی ارشاد فرماتے ہیں۔

اس حدیث میں جناب رسول اللہ ﷺ کی دائمی حیات کی طرف بھی بڑے لطیف انداز میں اشارہ کیا گیا ہے اور یہ کہ نبی ﷺ کو اس چیز سے خوشی ہوتی ہے کہ آپ کے امتی آپ ﷺ پر درود و سلام کا نذرانہ عقیدت پیش کریں۔ نیز یہ کہ ہر امتی کا درود و سلام قبول ہو جاتا ہے کیونکہ جب ملائکہ نے اسے قبول کر کے خدمت اقدس میں پیش کر دیا تو اس کا مطلب یہی ہے کہ انہوں نے اسے قبول کر لیا ہے کیونکہ وہ مزاج شناس نبوت ہوتے ہیں۔

اس حدیث کو امام نسائی اور دارمی نے اپنی اپنی کتابوں میں روایت کیا ہے جبکہ میرک فرماتے ہیں کہ ابن حبان اور حاکم نے بھی اس روایت کی تخریج فرمائی ہے لیکن ان دونوں کی روایت میں "فی الارض" کی قید نہیں ہے۔ اسی طرح شیخ جزری رحمۃ اللہ علیہ کے کلام سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جبکہ حضرت مصنف علیہ الرحمہ کا اسلوب اسے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات میں شمار کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق کے مطابق اس روایت کو امام احمد، ابونعیم اور بیہقی نے بھی روایت کیا ہے اور ابن عساکر نے تو اسے متعدد اسناد سے روایت کیا ہے جن میں سے بعض اسانید درجہ حسن تک پہنچی ہوئی ہیں۔ حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بقول ہی اس سلسلے کی مندرجہ ذیل روایت بھی سند حسن سے مروی ہے تاہم اس میں ایک راوی مجہول ہے اور وہ روایت یہ ہے:

"حیثما کنتم فصلوا علی فان صلاتکم تبلغنی"

"تم جہاں کہیں بھی ہوا کرو، مجھ پر درود شریف پڑھا کرو کیونکہ اس صورت میں (جبکہ تم مجھ سے دور ہو) تمہارا درود مجھ تک پہنچایا جاتا ہے"۔

سلام کا جواب

مضمون دوم متعلق فصل ٣٨ جس میں آپ کے ساتھ توسل حاصل کرنے کی برکت مذکور ہے۔ عطر الوردہ میں قصیدہ بردہ کے برکات میں لکھا ہے کہ صاحب قصیدہ یعنی امام ابو عبداللہ شرف الدین محمد بن سعید بن حماد بوصیری قدس سرہ کو فالج ہوگیا تھا جس سے نصف بدن بے کار ہوگیا انہوں نے بالہام ربانی یہ قصیدہ تصنیف کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے آپ نے اپنا دست مبارک ان کے بدن پر پھیر دیا یہ فوراً شفا پا گئے اور سویرا اپنے گھر سے نکلے تھے کہ ایک درویش سے ملاقات ہوئی اور اس نے درخواست کی کہ مجھ کو وہ قصیدہ سنا دیجئے جو آپ نے مدح نبوی میں کہا ہے انہوں نے پوچھا کون سا قصیدہ اس نے کہا کہ جس کے اول میں یہ ہے۔

اَمِنْ تَذَکُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمٖ

ان کو تعجب ہوا کیونکہ انہوں نے کسی کو اطلاع نہیں دی تھی اس درویش نے کہا کہ واللہ میں نے اس کو اس وقت سنا ہے جب کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پڑھا جا رہا تھا اور آپ خوش ہو رہے تھے سو انہوں نے یہ قصیدہ اس درویش کو دیدیا اور اس قصہ کی شہرت ہوگئی اور رفتہ رفتہ یہ خبر صاحب بہاؤ الدین وزیر ملک ظاہر کو پہنچی اس نے نقل کرایا اور وہ اور اس کے گھر والے اس سے برکت حاصل کرتے تھے اور انہوں نے بڑے بڑے آثار اس کے اپنے دنیوی و دینی امور میں دیکھے اور سعد الدین فارقی جو کہ توقیع نگار وزیر مذکور کا تھا آشوب چشم میں

Nasheer Teeb by Ashraf Ali Thanvi

In this poetry Ashraf Ali Thanvi sahab is calling our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ with “Ya” in many places and seeking help as well which is shirk according to deobandis.

١٩٤

لِمُؤَلِّفِهٖ

یہ اشعار مؤلف کے ہیں

يَا شَفِيعَ الْعِبَادِ خُذْ بِيَدِي — أَنْتَ فِي الْاِضْطِرَارِ مُعْتَمَدِي

دستگیری کیجئے میرے نبی — کشمکش میں تم ہی ہو میرے نبی

لَيْسَ لِي مَلْجَأٌ سِوَاكَ أَغِثْ — مَسَّنِي الضُّرُّ سَيِّدِي سَنَدِي

جز تمہارے ہے کہاں میری پناہ — فوج کلفت مجھ پہ آ غالب ہوئی

غَشَّنِي الدَّهْرُ يَا ابْنَ عَبْدِ اللهِ — كُنْ مُغِيثًا فَأَنْتَ لِي مَدَدِي

ابن عبداللہ زمانہ ہے خلاف — اے مرے مولا خبر لیجے مری

لَيْسَ لِي طَاعَةٌ وَّلَا عَمَلٌ — بَيْدَ حُبِّيْكَ فَهُوَ لِي عَتَدِي

کچھ عمل ہے اور نہ طاعت میرے پاس — ہے مگر دل میں محبت آپ کی

يَا رَسُولَ الْإِلٰهِ بَابُكَ لِي — مِنْ غَمَامِ الْغُمُومِ مُلْتَحَدِي

میں ہوں بس اور آپ کا در یا رسول — ابر غم گھیرے نہ پھر مجھ کو کبھی

جُدْ بِلُقْيَاكَ فِي الْمَنَامِ وَكُنْ — سَاتِرًا لِّلذُّنُوبِ وَالْفَنَدِ

خواب میں چہرہ دکھا دیجے مجھے — اور مرے عیبوں کو کر دیجے خفی


أَنْتَ عَافٍ أَبَرُّ خَلْقِ اللهِ — وَمُقِيلُ الْعِثَارِ وَاللَّدَدِ

درگذر کرنا خطا و عیب سے — سب سے بڑھ کر ہے یہ خصلت آپ کی

رَحْمَةٌ لِّلْعِبَادِ قَاطِبَةً — بَلْ خُصُوصًا لِّكُلِّ ذِي أَوَدٍ

سب خلائق کیلئے رحمت ہیں آپ — خاص کر جو ہیں گنہگار و غوی

Shara Qaseeda Burda Shareef



Shara Qaseeda Burda Shareef

دسویں فصل:

بارگاہِ مصطفےٰ ﷺ میں درخواستیں

شعر(۱۵۲)

يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِيْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ
سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

(ترجمہ:) "اے پوری کائنات میں سب سے پیارے (محبوب)! جب مجھ پر بے شمار پریشانیاں اُتر رہی ہوں تو ایسے میں میں اپنا رونا دھونا آپ کے علاوہ کسے جا سناؤں؟"

حضرت ناظم رحمہ اللہ نے جب حضور ﷺ کی ذاتی اور صفاتی خوبیاں اور کمالات بتا دیئے تو پھر غائبانہ باتیں بتانے کے بعد سامنے سمجھ کر اپنی اُمیدیں پوری کرنے کیلئے براہِ راست درخواست کی کیونکہ سوال کرتے ہوئے خطاب کرنا بات مانے جانے کے لیے غائبانہ طور پر خطاب کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہوتا ہے چنانچہ عرض کی: "یا اکرم الخلق الخ"۔

تحقیقِ الفاظ

حضور ﷺ کے کریم ہونے کے بارے میں اس سے پہلے تفصیلی گفتگو ہو چکی ہے۔ اسے یاد رکھو! "الخلق" میں الف لام جنس کا ہے یا استغراق کا' اس سے مراد مخلوق ہے۔ کچھ نسخوں میں "یا اکرمَ الرُّسُل" تاہم اِس سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ساری مخلوق سے افضل ہونا بطورِ دلالت لازمی ہے۔ "ما" نافیہ ہے جو "لیس" کے معنی میں ہے۔ "اَلُوذ" کا معنی 'درخواست کرتا ہوں' ہے۔


"اعوذ بہ" کا تعلق "الوذ" سے ہے اور ضمیر حضور ﷺ کی طرف جاتی ہے یعنی اللہ کی بارگاہ میں شفاعت کیلئے (درخواست کرتا ہوں)۔

"سواك" ظرف ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ "عند" "الوذ" سے متعلق ہے۔

"عمم" دونوں حرفوں پر زبریں اور پہلی میم پر زیر دونوں طرح لکھے ملتے ہیں' یہ لفظ "عَمّ" سے ہے جس کا معنی شامل ہونا اور گھیرا ڈالنا ہے اور "حادث" سے مراد پوری مخلوق ہے یا تو یہ موت ہے جو قیامتِ صغریٰ ہے یا قیامت ہے جو قیامتِ کبریٰ ہے اور اس کے حلول ونزول سے مراد اس کے وقت کا آنا ہے۔

Rasail Oliullah by Shah Oliullah Muhaddis Dehelvi

In “Durrus Sameen Fi Mubashshirat Nabiyyil Ameen” Shah Oliullah Rahmathullah Alaihi narrates the story of Hazrath Shaykh Tashashi Rahmathullah. He seeks help from our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ and it was fulfilled. He too addressed our beloved prophet صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ as “Ya Rasool Allah”.


رسائل شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

جلد اول

○ القول الجمیل فی بیان سواء السبیل
○ الانتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ
○ الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین ﷺ

تصانیف عالیہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۱۴ھ ——— ۱۱۷۴ھ

تحقیق وترجمہ

سید محمد فاروق القادری

مرتب وناشر

ارشد قریشی، بانی تصوف فاؤنڈیشن

تصوف فاؤنڈیشن

لائبریری ○ تحقیق و تصنیف و تالیف و ترجمہ ○ مطبوعات

۲۴۹ - ایمن سمن آباد - لاہور - پاکستان - فون ۷۵۹۹۵۴۳

واحد تقسیم کار: المعارف - گنج بخش روڈ - لاہور

۲۵۷

حقہ نوشی سے توبہ کی۔ دوسری رات دونوں نے اسی صورت میں پھر زیارت کی' اب کے آنحضور ﷺ نے عالم کو بھی باریابی کی اجازت بخشی اور اپنے قرب سے نوازا۔

علی مرتضیٰؓ اولیاء اللہ اور حضور ﷺ کے درمیان واسطہ ہیں: میرے عم محترم نے بیان فرمایا کہ ایک دفعہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک ایسے راستے پر چل رہا ہوں جہاں کوئی اور موجود نہیں ہے۔ اچانک ایک شخص نے مجھے اپنے پاس آنے کا اشارہ کیا اور فرمایا اے ست رو! میں علی ہوں' مجھے آنحضور ﷺ نے بھیجا ہے کہ تمہیں ان کی خدمت میں لے چلوں' ہم دونوں آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو حضرت علی کرم اللہ وجہ نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ کے نیچے لیا اور پھر اپنا ہاتھ آنحضور ﷺ کے روبرو پیش کرتے ہوئے عرض کیا' یا رسول اللہ ﷺ یہ ہاتھ ابوالرضا محمد کا ہے' چنانچہ آنحضور ﷺ نے بیعت لی۔ پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرمانے لگے کہ میں آنحضور ﷺ اور اولیاء اللہ (یہ) لفظ بول کر آپ نے تیری طرف (شاہ ولی اللہ کی طرف اشارہ فرمایا) کے درمیان واسطہ ہوں۔ اس کے بعد آپ نے مجھے ذکرو اذکار تلقین کیے۔

RASAIL OLIULLAH

شیخ ابو الرضا کا مقام: میرے عم محترم نے بیان فرمایا کہ میں نے خواب میں آنحضور ﷺ کی زیارت کی۔ آپ برابر مجھے اپنا قرب عطا فرماتے گئے' یہاں تک کہ میں آپؐ ہی کا وجود ہو گیا (یعنی میرا وجود مٹ گیا یہ فنافی الرسول کا مقام ہے)

بارگاہ نبوت میں شیخ تشاشی کا استغاثہ: مجھے شیخ ابوطاہر نے شیخ تشاشی کے حوالے سے بتایا کہ ایک دفعہ شیخ تشاشی نے اپنی کسی مشکل کے حل کی خاطر آنحضور ﷺ کی بارگاہ اقدس میں فریاد لکھی۔ اس استغاثے کا مضمون کچھ اس طرح تھا' یا رسول اللہ! آپ مجھ سے زیادہ قریب ہیں یا یہ (استغاثہ)؟ آپ کے اس قرب کے صدقے جو مجھے حاصل ہے میرے دور ہونے سے پہلے آپ نے میری دستگیری کی اور اسی قرب کے طفیل میری تمام دینی دینوی مشکلیں آسان ہوئیں۔ اور کون ہے جو مجھے آپ سے زیادہ محبوب ہے؟ چھ ماہ گزرے تو سید محمد بن علوی نے آنحضرت ﷺ کی


۲۵۸

زیارت کی آپ نے فرمایا احمد تشاشی کو ہمارا اسلام اور ہماری شفاعت کی خوشخبری پہنچا دو۔ دوسری رات انہیں پھر زیارت نصیب ہوئی تو آپ نے فرمایا احمدِ تشاشی کو ہمارا سلام پہنچا دو اور کہو کہ وہ بہشت میں ہمارے ساتھ رہے گا۔

اہل نسبت کے مقامات: مجھے شیخ ابوطاہر نے شیخ احمد نخلی کے حوالے سے بتایا'

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki

In this Muhajir Makki Rahmathullah Alaihi has described about the types of dhikr and its methodology and permissibility of saying “Ya Rasool Allah” along with norms. After that you can find the poetry which contains “Ya Rasool Allah” in many places and also seeking help.



اور بحکم سَبِّحُوْہُ[1] بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا پوری توجہ سے یادِ الٰہی میں اس طرح منہمک ہو جائے کہ اپنے نفس سے بالکل بیخبر ہو جائے اور اَلَّذِیْنَ[2] یَذْکُرُوْنَ اَللّٰہَ الخ کے زمرہ میں داخل ہو جائے اور ذکر اسکی زندگی ہو جائے جاننا چاہئے کہ ذکر کی بہت سی قسمیں ہیں لیکن مقصود ذکر سے مطلوب کا حاصل ہو جانا ہے تو جس عمل سے یہ فائدہ حاصل ہو جائے وہی ذکر کہا جا سکتا ہے خواہ وہ نماز روزہ ہو یا درود شریف اور دعائیں ہوں لیکن یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ ذاکر اپنے کو مٹا نہ دے طالب خدا اس کے ذکر میں اس طرح منہمک ہو جائے کہ اپنے کو اور تمام غیر اللہ کو بھول جائے، جب طالب اس درجہ تک پہنچ جائے گا۔ تو اخلاقِ حسنہ یعنی زہد، توکل، گوشہ نشینی، قناعت، صبر، تسلیم و رضا خود بخود حاصل ہو جائیں گے علاوہ اس پر انوارِ الٰہیہ کی اس قدر تجلیاں ہوں گی کہ اس کے حواس خمسہ مغلوب اور مستور ہو جائیں گے۔ اور ذکر و ذاکر دونوں فنا ہو جائیں گے اور صرف مذکور یعنی اللہ ہی رہ جائیگا شَھِدَ[3] اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ چونکہ حدیث میں اَفْضَلُ[4] الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آیا ہے اس واسطے اکثر مشائخ بھی اسی ذکر کی تعلیم دیتے ہیں اب ہم ذکر کے چند مراتب لکھتے ہیں

مراتب ذکر کے بیان میں

ذکر کی چار قسمیں ہیں اول ناسوتی جیسے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دوسرے ملکوتی جیسے اِلَّا اللّٰہُ تیسرے جبروتی جیسے اللّٰہ چوتھے لاہوتی جیسے ھُو ھُو اور یہ بھی جاننا چاہئے کہ زبان کے ذکر کو ناسوتی اور دل کے ذکر کو ملکوتی اور روح کے ذکر کو جبروتی اور سِر کے ذکر کو لاہوتی اور ذکر زبان کو جسمی اور فکر کے ذکر کو نفسی اور مراقبہ کو ذکر دلی اور مشاہدے کو ذکر روحی اور معائنہ کو ذکر سری کہتے ہیں۔

فائدہ۔ ذاکر چاہئے کہ اس ذکر میں لَآ اِلٰہَ کہتے وقت تمام چیزوں کی نفی کر دے اور الا اللہ کہتے وقت تمام اعضائے جسم کو قائم کر دے۔

فصل ذکر جہر نفی و اثبات اور اسم ذات کے بیان میں مع ان بارہ تسبیحوں کے جو حضرات چشتیہ کی معمول ہیں ان بارہ تسبیحوں کے ذکر کا یہ طریقہ ہے کہ تہجد کی بارہ رکعتیں چھ سلاموں سے پڑھی جائیں اور ہر رکعت میں تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نہایت خشوع و خضوع سے تین یا پانچ یا سات بار

[1] خدا کی صبح و شام تسبیح کرو ۱۲ [2] جو خدا کو اٹھتے بیٹھتے یاد کرتے ہیں [3] خدا نے گواہی دی ہے کہ معبود سوائے اس کے کوئی نہیں [4] چونکہ حدیث میں ہے افضل الذکر لا الٰہ الا اللہ (سب ذکروں میں لا الٰہ الا اللہ کا ذکر افضل ہے)

حـ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ

ہاتھ اٹھا کر اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِی الخ پڑھے اور توبہ و استغفار کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الخ اکیس بار پڑھکر درود الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ الخ تین بار عروج و نزول کے طریقے پر پڑھے اور چار زانو بیٹھ جائے اور داہنے پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے پاس والی انگلی سے رگ کیماس کو مضبوط پکڑلے اور اپنے دونوں ہاتھ زانو پر رکھدے اور قبلہ رو ہو جائے اور الا اللہ کہتے وقت کلمہ شہادت کی انگلی اٹھاوے اور لا اللہ کہتے وقت انگلی رکھدے اور اپنے کو ساکن و مطمئن رکھے اور خلوص نیت اور خوش الحانی سے اعوذ اور بسم اللہ کہکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ تین باراور کلمہ شہادت ایک بار پڑھے اور اس کے بعد سر کو اتنا جھکائے کہ پیشانی بائیں گھٹنے سے بالکل قریب ہو جائے اور وہاں پہنچنے کے بعد لا الہ کہتا ہوا سر کو داہنے گھٹنے کے قریب لائے اور تین ضربیں ایک ہی سانس میں لگائے اور سر کو پیٹھ کی طرف بہ خیال کر کے جھکائے کہ میں نے ماسوائے اللہ کو پس پشت ڈال دیا اور سانس توڑ کر الا اللہ کی ضرب پوری طاقت سے دل پر لگائے اور خیال کرے کہ میرا دل خدا کے عشق و محبت سے لبریز ہو گیا اور موقع نفی میں آنکھیں کھلی اور موقع اثبات میں بند رکھنا چاہئیں اسی طرح دو سو بار کہے اور اسکو چہار ضربی کہتے ہیں اور ہر دس کے بعد مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہ کہے لیکن مبتدی کو الا اللہ کہتے وقت لا معبود اور متوسط کو لَا مَقْصُوْدَ یا لا مطلوب اور کامل کو لَا مَوْجُوْدَ اور ہمہ اوست کا تصور کرنا چاہئے اسکے بعد تھوڑی دیر مراقب خیال کرے کہ فیوضات الٰہیہ مومن کے قلب میں ہر وقت حاصل ہوتے رہتے ہیں جاننا چاہئے کہ بائیں گھٹنے میں شیطانی خطرہ اور داہنے میں نفسانی خطرہ اور داہنے شانے میں ملکی خطرہ اور دل میں رحمانی خطرہ ہے پس بائیں گھٹنے پر لا الہ سے خطرہ رحمانی کا اثبات کرے اور مرید کے غیر عربی ہونے کی صورت میں اس کو اذکار و ادعیہ اس زبان میں تعلیم دینا چاہئے جسکو وہ سمجھ سکتا ہو۔

نفی و اثبات کا دوسرا طریقہ

ہر خطرہ اور ہر خیال کے علیحدہ علیحدہ نفی کرنے سے ایک گونہ باطنی تفرقہ پیدا ہو جاتا ہے اس واسطے

لہ اے اللہ اپنے غیر سے میرا دل پاک کردے ۔ اپنی معرفت کے نور سے میرا قلب روشن کردے ۱۲ سے اپنے گناہوں کی بخشش اس خدا سے چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور وہ ثابت اور زندہ ہے ۱۲ سے صلوٰۃ و سلام ہو آپ پر اے خدا کے رسول خدا کے دوست اور اس کے نبی ۱۲ سے چوگھٹے کے اللہ کی طرف ہے ۱۲ شہ کوئی معبود سوا خدا کے نہیں ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم خدا کے رسول ہیں ۱۲ –

عہ اللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ ابداً یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ ۔ سہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۔ سہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ ۔

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki

حق یہ ہے کہ زیارت مقابر انفراداً و اجتماعاً دونوں طرح جائز اور ایصال ثواب قرأت و طعام بھی جائز اور تعیین بمصلحت بھی جائز سب مل کر بھی جائز رہا یہ شبہ کہ وہاں پکار کر سب قرآن شریف پڑھتے ہیں اور آیۂ فاستمعوا لہ وانصتوا کی مخالفت ہوتی ہے سو اولاً تو علماء نے لکھا ہے کہ خارج نماز کے یہ امر استحباب کیلئے ہے ترک مستحبات پر اسقدر شور و غل نامناسب ہے ورنہ لوگوں کا مکاتب میں پڑھنا ممنوع ہوگا دوسرے اگر کسی کو یہی تحقیق ہو کہ یہ وجوب عام ہے تو اصل کرنے سے یہ بہتر ہے کہ امر تعلیم کر دیا جائے یہی جواب ہے سوم ایل قرآن پکار کر پڑھنے کا البتہ جس مجلس میں امور منکرہ مثل رقص مروجہ و سجدۂ قبور وغیرہ ہوں اسمیں شریک نہ ہونا چاہئے رہا مسئلہ سماع کا یہ بحث از بس طویل ہے جسکا خلاصہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ اختلافی ہے سماع محض میں بھی اختلاف ہے جس میں محققین کا یہ قول ہے کہ اگر شرائط جواز مجتمع ہوں اور عوارض مانعہ مرتفع ہوں تو جائز ورنہ ناجائز کما فصلہ الامام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ اور سماع بالآلات میں بھی اختلاف ہے بعض لوگوں نے احادیث منع کی تاویلیں کی ہیں اور نظائر فقہیہ پیش کئے ہیں چنانچہ قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ سماع میں اسکا ذکر فرمایا ہے مگر آداب شرائط کا ہونا باجماع ضروری ہے جو اسوقت کثرت مجالس میں مفقود ہے مگر تاہم ع خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد۔ بہرحال وہ احادیث خبر واحد ہیں اور محتمل تاویل گو تاویل بعید ہے اور غلبہ حال کا بھی احتمال موجود ہے ایسی حالت میں کسی پر اعتراض کرنا ازبس دشوار ہے۔ مشرب فقیر کا اس امر میں یہ ہے کہ ہر سال اپنے پیر و مرشد کی روح مبارک کو ایصال ثواب کرتا ہوں اول قرآن خوانی ہوتی ہے اور گاہ گاہ اگر وقت میں وسعت ہوئی تو مولود پڑھا جاتا ہے پھر ما حضر کھانا کھلایا جاتا ہے اور اسکا ثواب بخشدیا جاتا ہے اور زوائد امور فقیر کی عادت نہیں نہ کبھی سماع کا اتفاق ہوا نہ خالی نہ بالآلات مگر دل سے اہل حال پر کبھی اعتراض نہ کیا ہاں جو محض ریا کار و مدعی بیہودہ ہو اگر تعیین اسکی کہ فلاں شخص ریا کار ہے بلا حجت شرعیہ نادرست ہے اسمیں بھی عملدرآمد فریقین کا یہی ہونا چاہئے جو اوپر مذکور ہوا کہ جو لوگ نہ کریں ان کو کمال اتباع سنت کا شائق سمجھیں جو کریں ان کو اہل محبت میں سے جانیں اور ایک دوسرے پر انکار نہ کریں جو عوام کے غلو ہوں ان کا لطف اور نرمی سے انسداد کریں۔

چوتھا مسئلہ ندائے غیر اللہ کا

اسمیں تحقیق یہ ہے کہ ندا سے مقاصد و اغراض مختلف ہوتے ہیں کبھی محض اظہار شوق کبھی تحسر کبھی منادی کو سنانا کبھی اسکو پیام پہنچانا سو مخلوق غائب کو پکارنا اگر محض واسطے تذکرہ اور شوق وصال اور حسرت فراق کے ہے جیسے عاشق اپنے محبوب کا نام لیا کرتے ہیں اور اپنے دل کو تسلی دیا کرتے ہیں اسمیں تو کوئی گناہ نہیں مجنوں کا قصہ مثنوی میں مذکور ہے اشعار:۔ دید مجنوں را یکے صحرا نورد ٭ در بیابان غمش بنشستہ فرد ٭ ریگ کاغذ بود انگشتاں قلم ٭ می نمودے بہر کس نامہ رقم ٭ گفت اے مجنون شیدا چیست این ٭ می نویسی نامہ بہر کیست این ٭ گفت مشق نام لیلیٰ می کنم

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki

خاطر خود را تسلی میدہند جیسا کہ ایسی ندا صحابہ سے بکثرت روایات میں منقول ہے کہ قالا یحیی علی الفتح المنسع المنظر اور
اگر مخاطب کا اسماع و سنانا مقصود ہے تو اگر تصفیہ باطن سے منادی کا مشاہدہ کر رہا ہے تو بھی جائز ہے اور اگر
مشاہدہ نہیں کرتا لیکن سمجھتا ہے کہ فلاں ذریعہ سے اسکو خبر پہنچ جاویگی اور وہ ذریعہ ثابت بالدلیل ہو تب
بھی جائز ہے مثلاً ملائکہ کا درود شریف حضور پاک تک پہنچانا احادیث سے ثابت ہے اس اعتقاد سے کوئی
شخص الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہے کچھ مضائقہ نہیں اور اگر نہ مشہود ہو نہ پیغام پہنچانا مقصود ہو
نہ پیغام پہنچانیکا کوئی ذریعہ دلیل سے موجود ہو وہ ندا ممنوع ہے مثلاً کسی ولی کو دور سے ندا کرنا اس طرح کہ اسکو
سنانا منظور ہے اور رد برد نہیں نہ ابھی تک اس شخص کو یہ امر ثابت ہوا کہ انکو کسی ذریعہ سے خبر پہنچیگی یا ذریعہ متعین
کیا مگر اس پر کوئی دلیل شرعی قائم نہیں یہ اعتقاد افتراء علی اللہ اور دعویٰ علم غیب ہے بلکہ مشابہ شرک کے ہے مگر
بدرجہ شرک اسکو شرک و کفر کہنا بے جا جرات ہے کیونکہ اگر اللہ تعالیٰ اس بزرگ کو خبر پہنچادے ممکن ہے اور ممکن کا اعتقاد شرک
نہیں مگر چونکہ اس امر کا وقوع لازم نہیں اسلئے ایسی ندائے لایعنی کی اجازت نہیں ہے البتہ جو ندا نص میں وارد ہے مثلاً یا
عباد اللہ اعینونی وہ بالاتفاق جائز ہے اور یہ تفصیل حق عوام میں ہے اور جو اہل خصوصیت ہیں انکا حال جدا ہے اور
حکم بھی جدا کہ ان کے حق میں یہ فعل عبادت ہو جاتا ہے جو خواص میں سے ہوگا تو وہ سمجھ لیگا بیان کی حاجت نہیں یہاں
سے معلوم ہوگیا حکم وظیفہ یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ کا لیکن اگر شیخ کو متصرف حقیقی سمجھے تو منجر الی الشرک ہے ہاں اگر
وسیلہ یا ذریعہ جانے یا ان الفاظ کو بابرکت سمجھ کر خالی الذہن ہو کر پڑھے کچھ حرج نہیں یہ تحقیق ہے اس مسئلہ میں اب
بعض علماء اس خیال سے کہ عوام فرق مراتب نہیں کرتے اس ندا سے منع کرتے ہیں انکی نیت بھی اچھی ہے انما الاعمال
بالنیات مگر مصلحت یوں ہے کہ اگر ندا کرنیوالا سمجھدار ہو تو اس پر حسن ظن کیا جاوے اور محض عامی جاہل ہو تو اس سے
دریافت کیا جاوے اگر اسکے عقیدے میں کوئی خرابی ہو تو اس کی اصلاح کر دی جائے اور کسی وجہ سے اصل عمل سے منع
کرنا مصلحت ہو تو بالکل رد کر دیا جائے لیکن ہر موقع پر اصل عمل سے منع کرنا مفید نہیں ہوتا ایک بات کہ وہ بھی بہت جگہ کار
آمد ہے یاد رکھنے کے قابل ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی عمل فاسد میں مبتلا ہوا اور بہ قرائن قویہ یقین ہو کہ یہ شخص
اصل عمل کو ترک نہ کریگا تو اس موقع پر شتو اصل عمل کے ترک کرنے پر اسکو مجبور کرے کہ بجز فساد و عناد کوئی ثمرہ نہیں نہ
اسکو بالکل مہمل و مطلق العنان چھوڑ دے کہ شفقت و اخوت اسلامی کیخلاف ہے بلکہ اصل عمل کی اجازت دیکر اسمیں جو
خرابی ہو اسکی اصلاح کر دے کہ اسمیں امید قبول اغلب ہے حق سبحانہ و تعالیٰ کا حکم ہے اُدْعُ اِلیٰ سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ
وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ اور رسوم جاہلیت کے شیوع کیوقت جو احکام شرعیہ مقرر ہوتے ہیں انمیں غور کرنیسے اس
قاعدے کی تائید ہوتی ہے مشرب اس فقیر کا یہ ہے کہ ایسی ندا میرا معمول نہیں ہاں بعض اشعار میں ذوق شوق سے صیغہ ندا
برتا گیا ہے اور علاوہ آمد ہی رکھنا چاہیے جو اوپر تینوں مسئلوں میں مذکور ہوا۔

پانچواں مسئلہ جماعت ثانیہ کا

یہ مسئلہ سلف سے مختلف فیہ ہے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے کراہت و امام ابو یوسف سے بعض شرائط کیساتھ جواز منقول ہے اور ترجیح د

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki




گلزار معرفت ۲۰۵ کلیات امدادیہ

تو ہے جان و دل سے بھی نزدیک میرے / ولے آہ ملنا ہے دشوار تیرا / ہوں باوصف اس قرب کے دور ایسا / ستاتا ہے پھر ہجر خونخوار تیرا
یہ قرب و معیت ہے پھر بُعد ایسا / نہیں کھلتا یارب یہ اسرار تیرا / حجاب خودی میرا یارب اٹھا دے / کہ تا دیکھوں بے پردہ دیدار تیرا
ذرا آپ اپنے میں امداد آ تو / کہ ہے کون تو کیا ہے گفتار تیرا / تو صیقل آئینہ دل نام حق سے / کہ تا جلوہ گر اس میں ہو یار تیرا
زباں سے طرف دل کے مشغول ہو تو / وہیں جلوہ فرما ہے دلدار تیرا / اٹھا غم رکھ امید امداد حق سے / تجھے غم ہے کیا رب ہے غم خوار تیرا
نہ ڈر فوج عصیاں سے گرچہ بہت ہے / کہ ہے رحم حق کا مددگار تیرا / اسی کی تو خدمت میں رہ دل سے ہر دم / تو جا کر ہے اسکا وہ سردار تیرا
تو پڑھ اس مناجات کو پنج وقتی / کہ تا جاوے ہر غم یہ آزار تیرا / الٰہی قبول ہو مناجات میری / کہ رد کرنا ہرگز نہیں کار تیرا
نبی کریم آل و اصحاب سب پر / درود اور سلام ہووے ہر بار تیرا / مرے پیر استاد ماں باپ پر بھی / الٰہی رہے رحم بسیار تیرا

KULLIYAT-E-IMDADIA غزل نعتیہ

کرکے نثار آپ پہ گھر بار یا رسولؐ / اب آپڑا ہوں آپ کے دربار یا رسولؐ / عالم نہ متقی ہوں نہ زاہد نہ پارسا / ہوں امتی تمہارا گنہگار یا رسولؐ
اچھا ہوں یا برا ہوں غرض جو کچھ ہوں سو ہوں / پر ہوں تمہارا تم مرے مختار یا رسولؐ / کس طرح آہ میں کروں خدمت میں خالی عرض / ہوں خجلت گناہ سے سرشار یا رسولؐ
ذات آپکی تو رحمت واسعت ہے سر بسر / میں گرچہ ہوں تمام خطاوار یا رسولؐ / کریئے نہ میرے فعل بروں پر نگاہ تم / کیجو نظر کرم کی بس اک بار یا رسولؐ
جس دن تم عاصیوں کے شفیع ہو پیش حق / اس روز نہ بھولنا مجھے زنہار یا رسولؐ / کیجو خدا کے واسطے اس دن مری خبر / عصیاں کا میرے جب کھلے اخبار یا رسولؐ
تم نے بھی گر نہ لی خبر اس حال زار کی / اب جا کہاں بتاؤ یہ ناچار یا رسولؐ / دونوں جہاں میں مجھکو وسیلہ ہے آپکا / کیا غم ہے گرچہ ہوں میں بہت خوار یا رسولؐ
کیا ڈر ہے اسکو لشکر عصیان و جرم سے / تم سا شفیع ہو جسکا مددگار یا رسولؐ / گھیرا ہے ہر طرف سے مجھے درد و غم نے آہ / اب زندگی بھی ہوگئی دشوار یا رسولؐ
ہو آستانہ آپ کا امداد کی جبیں / اور اس سے زیادہ کچھ نہیں درکار یا رسولؐ

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki



غزل نعتیہ

ذرا چہرے سے پردہ کو اٹھاؤ یا رسول اللہ — مجھے دیدار ٹک اپنا دکھاؤ یا رسول اللہ — کرو روئے منور سے مری آنکھوں کو نورانی — مجھے فرقت کی ظلمت سے بچاؤ یا رسول اللہ

اٹھا کر زلفِ اقدس کو ذرا چہرہ مبارک سے — مجھے دیوانہ اور وحشی بناؤ یا رسول اللہ — شفیعِ عاصیاں ہو تم وسیلہ بیکساں ہو تم — تمہیں چھوڑ اب کہاں جاؤں بتاؤ یا رسول اللہ

پیاسا ہے تمہارے شربتِ دیدار کا عالم — کرم کا اپنے اک پیالہ پلاؤ یا رسول اللہ — خدا عاشق تمہارا اور ہو محبوب تم اس کے — ہے ایسا مرتبہ کس کا سناؤ یا رسول اللہ

چھپیں خجلت سے جا کر پردۂ مغرب میں ماہ و خور — گر اپنے حسن کا جلوہ دکھاؤ یا رسول اللہ — لگے گا جوش کھانے خود بخود دریائے بخشایش — گر جب حرفِ شفاعت لب پہ لاؤ یا رسول اللہ

یقیں ہو جائیگا کفار کو بھی اپنی بخشش کا — جو میداں میں شفاعت کے تم آؤ یا رسول اللہ — مجھے بھی یاد رکھیو ہوں تمہارا امتی عاصی — گنہگاروں کو جب تم بخشواؤ یا رسول اللہ

ہوا ہوں نفس اور شیطاں کے ہاتھوں سے تباہ — مرے اب حال پر تم رحم کھاؤ یا رسول اللہ — اگرچہ نیک ہوں یا بد تمہارا ہو چکا ہوں میں — تم اب چاہو ہنساؤ یا رلاؤ یا رسول اللہ

کرم فرماؤ پھر اور کرو حق سے شفاعت تم — ہمارے جرم و عصیاں پر نہ جاؤ یا رسول اللہ — جہاز امت کا حق نے کر دیا ہے آپ کے ہاتھوں — بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ

مشرف کر کے مجھکو کلمۂ طیبہ سے اپنے تم — پھر اب نظروں سے اپنی مت گراؤ یا رسول اللہ — پھنسا ہوں بطرح گرداب غم میں ناخدا ہو کر — مری کشتی کنارے پر لگاؤ یا رسول اللہ

گلزار معرفت — ۲۰۶ — کلیات امدادیہ

اگرچہ ہوں نہ لائق دل کے پر امید ہے تم سے — کرم پھر مجھ کو مدینے میں بلاؤ یا رسول اللہ — حبیبِ کبریا ہو تم امامِ انبیا ہو تم — ہمیں پھر خدا حق سے ملاؤ یا رسول اللہ

شرابِ بیخودی کا جام اک مجھ کو پلا کر اب — دوئی کے حرف کو دل سے مٹاؤ یا رسول اللہ — بہت بھٹکا پھرا ہوں وادیِ فرقت میں ہوں وحشی — کرم فرماؤ اب تو مت پھراؤ یا رسول اللہ

مشرف کرکے دیدارِ مبارک سے مجھے اکرم — مرے غم دین و دنیا کے مٹاؤ یا رسول اللہ — خدا کے واسطے رحمت کے پانی سے مرے اگر — تبِ ہجراں کی آتش کو بجھاؤ یا رسول اللہ

پھنسا کر اپنے دامِ عشق میں امداد عاجز کو — بس اب قیدِ دو عالم سے چھڑاؤ یا رسول اللہ

غزل نعتیہ

KULLIYAT-E-IMDADIA

Kulliyat E Imdadia by Haji Imdadullah Muhajir Makki

مناجات

یارسولِ کبریا فریاد ہے یا محمدؐ مصطفیٰ فریاد ہے آپ کی امداد ہو میرا یا نبیؐ حال ابتر ہوا فریاد ہے

سخت مشکل میں پھنسا ہوں آجکل
اے مرے مشکل کشا فریاد ہے

چہرۂ تاباں کو دکھلا دو مجھے
تم سے اے نور خدا فریاد ہے

قید غم سے اب چھڑا دیجے مجھے
یا شہ ہر دوسرا فریاد ہے

درد ہجراں سے لب پر جان ہے مری
اہنو گہہ کیجیے دوا فریاد ہے

گردن دبا ہے مری زنجیر و طوق
یا نبی کیجے جدا فریاد ہے

یا نبیؐ احمد کو در پر لو بلا
اس لیے صبح و مسا فریاد ہے

مناجات دیگر

آپ کی فرقت نے مارا یا نبیؐ
دل ہوا غم سے دو پارا یا نبیؐ

حق تعالیٰ کے تم ہی محبوب ہو
کون ہے ہمسر تمہارا یا نبیؐ

باغ جنت سے زیادہ ہے عزیز
مجھ کو وہ کوچہ تمہارا یا نبی

لیجیے در پر بلا کب تک پھروں
دربدر یاں مارا مارا یا نبی

طالب دیدار ہوں دکھلائیے
روئے نورانی خدارا یا نبیؐ

درد ہجراں کے سبب مجھ سے کیا
صبر و طاقت نے کنارا یا نبیؐ

مرتے دم گر دیکھ لوں روضہ شریف
زندگی ہووے دوبارا یا نبیؐ

چین آتا ہے مرے دلکو تمام
نام لیتے ہی تمہارا یا نبیؐ


مناجات دیگر حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

سب دیکھو نور محمدؐ کا سب بیچ ظہور محمدؐ کا
جبریلؑ مقرب خادم ہے سب جا مشہور محمدؐ کا

جس مسجد میں میں سنتا ہوں تو ہے مذکور محمد کا
نا ہے کسی پیغمبر کا جو ہے مقدور محمدؐ کا

Qaseeda Noman Imam Azam

In this qaseeda our beloved prophet صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ addressed as "Ya" with various name.



Qaseeda Noman Imam Azam

آغاز قصیدہ مبارکہ بجناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ جِئْتُكَ قَاصِدًا
۱ اَرْجُوْا رِضَاكَ وَاحْتَمِیْ بِحِمَاكَا

معنے بیت - اے سیدوں کے سید - پیشواؤں کے پیشوا! میں دلی قصد سے آپ ہی کے حضور آیا ہوں - آپ کی مہربانی اور خوشنودی کی اُمید رکھتا ہوں - اور اپنے آپ کو سب برائیوں سے آپ کی پناہ میں دیتا ہوں -

اے پیشوائے دُوسرا دَر پر ہوں تیرے آپڑا	چشمِ کرم بہرِ خدا، چشمِ کرم بہرِ خُدا
تیری عنایت چاہیئے، تیری حمایت چاہیئے	مطلوب ہے تیری طلب، محبوب ہے تیری رضا

(حاشیہ: سید السادات:)

آں حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سید السادات ہونے میں کسی کو کلام نہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب فرمایا ہے یٰس [۱] اے سید اے پیشوا! کذا فی التفاسیر اور دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ (پ۲۲ ع ۲) یعنی محمد تمہارے مردوں میں سے تو کسی کا باپ نہیں ہے لیکن اللہ کا رسول اور نبیوں کا پورا کرنے والا ضرور ہے - ختم بآخر رسانیدن کذا فی المنتخب وغیرہ - پس آپ نبیوں کے پورا کرنے والے ہیں - بحز

[۱] ابونعیم نے حلیہ میں اور ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں اور دیلمی نے مسند الفردوس میں ابی طفیل سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے نزدیک میرے دس نام ہیں - ۱- محمد ۲- احمد ۳- فاتح ۴- خاتم ۵- ابوالقاسم ۶- حاشر ۷- عاقب ۸- ماحی

Qaseeda Noman by Imam Azam

١٠٣

(٤٦) یا مالکی کن شافعی فی فاقتی
انی فقیر فی الوریٰ لغناکا

معنے بیت - اے میرے مالک گناہوں میں میری شفاعت کیجیو میں آپ
کی شفاعت کا محتاج ہوں ؎

(٤٧) یا اکرم الثقلین یا کنز الوریٰ
جدلی بجودک وارضنی برضاکا

معنے بیت - اے موجودات سے اکرم اے خزانہ نعمائے الٰہی جو کچھ آپ
کو اللہ نے بخشا ہے مجھے بھی بخشیے اور جیسا اللہ تعالیٰ نے آپ کو راضی کیا

١٠٥

ہے مجھے بھی راضی کیجیے ؎


١٠٨

(٥٢) صلی علیک اللہ یا علم الہدیٰ
ماحن مشتاق الیٰ مثواکا

معنے بیت - اے ہدایت کے نشان اللہ تعالیٰ قیامت تک آپ پر بقدر
شوق دل مشتاقان زیارت بابرکت درود نازل فرمائے ؎

Fazail Amal (Fazail Durood) by Zakriah Khan Dehelvi

Zakriah Khan Dehelvi narrating about the benefits of reciting durood shareef. Also indicates the permissibility of saying “Ya Rasool Allah”.



Fazail Amal (Fazail Durood) by Zakriah Khan Dehelvi

(۴۲) علّامہ سخاویؒ، ابوبکر بن محمدؒ سے نقل کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر بن مجاہدؒ کے پاس تھا کہ اتنے میں شیخ المشائخ حضرت شبلیؒ آئے، ان کو دیکھ کر ابوبکر بن مجاہدؒ کھڑے ہو گئے ان سے معانقہ① کیا ان کی پیشانی کو بوسہ دیا، میں نے ان سے یہ عرض کیا کہ میرے سردار آپ شبلی کے ساتھ یہ معاملہ کرتے ہیں، حالانکہ آپ اور سارے علماء بغداد یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ پاگل ہیں، انھوں نے فرمایا کہ میں نے وہی کیا کہ جو حضور اقدس ﷺ کو کرتے دیکھا۔ پھر انھوں نے اپنا خواب بتایا کہ مجھے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی کہ حضور ﷺ کی خدمت میں شبلی حاضر ہوئے، حضور اقدس ﷺ کھڑے ہو گئے اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا اور میرے استفسار② پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ ہر نماز کے بعد ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾ [سورۂ توبہ: ۱۲۸] آخر سورت تک پڑھتا ہے اور اس کے بعد مجھ پر درود پڑھتا ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جب بھی فرض نماز پڑھتا ہے اس کے بعد یہ آیت شریفہ ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ﴾ [سورۂ توبہ: ۱۲۸] پڑھتا ہے اور اس کے بعد تین مرتبہ "صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَامُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَامُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَامُحَمَّدُ" پڑھتا ہے۔ ابوبکرؒ کہتے ہیں کہ اس خواب کے بعد جب شبلیؒ آئے تو میں نے ان سے پوچھا کہ نماز کے بعد کیا درود پڑھتے ہو؟ تو انھوں نے یہی بتایا۔ ایک اور صاحب سے اسی نوع③ کا ایک قصہ نقل کیا گیا ہے: ابوالقاسم خفّافؒ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت شبلیؒ، ابوبکر بن مجاہدؒ کی مسجد میں گئے، ابوبکر ان کو دیکھ کر کھڑے ہو گئے، ابوبکر کے شاگردوں میں اس کا چرچا ہوا، انھوں نے استاذ سے عرض کیا کہ آپ کی خدمت میں وزیرِ اعظم آئے ان کے لیے تو آپ کھڑے ہوئے نہیں، شبلیؒ کے لیے آپ کھڑے ہو گئے، انھوں نے فرمایا کہ میں ایسے شخص کے لیے کیوں نہ کھڑا ہوں جس کی تعظیم④ حضور اقدس ﷺ خود کرتے ہوں۔ اس کے بعد استاذ نے اپنا ایک خواب بیان کیا اور یہ کہا کہ رات میں نے حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت کی تھی، حضور اقدس ﷺ نے خواب میں ارشاد فرمایا تھا کہ کل کو تیرے پاس ایک جنتی شخص آئے گا، جب وہ آئے تو اس کا اکرام کرنا۔ ابوبکرؒ کہتے ہیں کہ اس واقعہ کے دو ایک دن کے بعد پھر حضور اقدس ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی، حضور اقدس ﷺ نے خواب میں ارشاد فرمایا کہ اے ابوبکر! اللہ تمہارا بھی ایسا ہی اکرام فرمائے جیسا کہ تم نے ایک جنتی آدمی کا اکرام کیا۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! شبلی کا یہ اعزاز آپ کے یہاں کس وجہ سے ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ پانچوں نمازوں کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے ﴿لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ﴾ الاٰیۃ اور اَسّی برس سے ان کا یہ معمول ہے۔ [بدیع]

يَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا   عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

حل لغات: ① گلے ملنا۔ ② پوچھنا۔ ③ قسم، طرح۔ ④ عزت و اکرام۔

Ahle Dil Kay Tadpadeney Waley Waqiat By Pir Zulfiqar Ahmed Deobandi

This one point I would like to discuss in more details.

Collections of Shirk in one place:

Pir Zulfiqar Ahmed Deobandi Sahab is writing about Imam Razi Rahmathullah Alaihi in his book “Ahle Dil Kay Tadpadeney Waley Waqiat”, Volume-2, Page No. 177 Published by Maktabatul Faqeer. In one incident related to Imam Razi (RA) and his teacher Shaykh Najmuddin (RA), you can find a number of corrupted beliefs. Kindly note that the below mentioned beliefs are Shirk according to deobandis.

1. Shaytaan is debating with Imam Razi (RA) and refuting all the proofs provided by Imam Razi to prove the existence of allah.
2. Imam Razi (RA) was in need of help to defeat and refute shaytaan.
3. His teacher Shaykh Najmuddin (RA) was performing wudhu in other location. Through Kashf allah notified the teacher about his student issue.
4. He got angry and thrown the vessel from which he was performing wudhu on the wall and said “Oh Razi! Why don't you say, you believe allah without any proof”.
5. At that the Imam Razi found his teacher angry face in front of him. Then he told the same to Shaytaan. They the shaytaan left the place.

The following points to be noted in the incident:


1. Imam Razi (RA) did not call allah directly for help.

2. Allah has notified his teacher about the issue. Teacher is rising voice and calling Imam Razi (RA) from far as “Oh Razi”. According to deobandis calling someone with “Ya” who is not physically present is Shirk.

3. Imam Razi (RA) is hearing voice of teacher from far also his teacher face in front. According to deobandis, even a prophet cannot hear the salaam of ummathi directly from far unless it is presented by malaika (Fatwa Rasheediya). In this case teacher voice is reaching the student from far and Imam Razi (RA) is hearing the same from far.

4. Imam Razi (RA) defeated shaytaan with the help of his teacher. According to devbandis even prophet does not know what is behind the wall (Baraheen Qatia). In this case a wali allah knows many things from far and helping from far.

5. Don’t say that, this strength is given by allah. Because it is the aqeeda of ahlus sunnah. This incident shall be rejected or put fatwa of shirk upon the writer. This is the only way. Because sunnis does not have objection on this incident.



Ahle Dil Kay Tadpadeney Waley Waqiat By Pir Zulfiqar Ahmed Deobandi

آپ آج بھی سو گئے تھے۔ تہجد کا وقت جا رہا تھا۔ میں نے سوچا کہ اگر آپ آج بھی اتنا روئے تو آپ کو آج پھر اتنا اجر مل جائے گا۔ اس لئے میں نے بہتر سمجھا کہ آپ کو جگا دوں تا کہ آپ کو صرف ایک رات کی تہجد کا اجر ملے۔

امام رازی رحمۃ اللہ علیہ پر بوقت نزع شیطان کا حملہ


امام رازی رحمۃ اللہ علیہ؎ ایک بہت بڑے عالم تھے۔ انہوں نے وجود باری تعالیٰ کے بارے میں ایک کتاب لکھی۔ جس میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کے وجود کے بارے میں سو دلیلیں دیں۔ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو شیطان نے آ کر کہا۔ رازی! خدا تو موجود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا نہیں' خدا تو موجود ہے۔ وہ کہنے لگا' دلیل پیش کرو۔ انہوں نے ایک دلیل دی۔ شیطان نے اس دلیل کو توڑ دیا۔ انہوں نے دوسری دلیل دی' مگر اس نے اس کو بھی توڑ دیا۔ انہوں نے تیسری دلیل دی اور اس نے اسکو بھی توڑ دیا۔ بالآخر انہوں نے اپنی جمع کردہ سو دلیلیں دیں اور اس نے ان سو دلیلوں کو توڑ ڈالا۔ اب امام رازی گھبرا گئے۔ لیکن چونکہ ان کے دل میں اخلاص تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے ایمان کی حفاظت کی۔ اس وقت آپ کے پیر و مرشد شیخ نجم الدین کبریٰ رحمۃ اللہ علیہ دور دراز کسی جگہ وضو فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں امام رازی کی پریشانی کے بارے میں کشفاً مطلع فرما دیا۔ انہوں نے غصہ میں آ کر وہ لوٹا جس سے وضو فرما رہے تھے۔ دیوار پر دے مارا اور امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کو پکار کر کہا اے رازی! تو یہ کیوں نہیں کہہ دیتا کہ میں اللہ تعالیٰ کو بغیر دلیل کے ایک مانتا ہوں۔ اس وقت شیخ نجم الدین کبریٰ رحمۃ اللہ علیہ کا غصہ بھرا چہرہ امام رازی کے بالکل سامنے تھا۔ چنانچہ امام رازی نے یہی کہا تو شیطان ان سے دور ہو گیا۔

امام احمد بن حنبل پر شیطان کی شیطانیت

جب امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا آخری وقت آیا تو طلبہ نے ان کے سامنے کلمۂ طیبہ کا ورد کرنا شروع کر دیا۔ ان کی آواز سن کر امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ لا پھر تھوڑی دیر کے بعد آواز نکال کر کہا۔ لا ان کے شاگرد حیران ہوئے کہ پورا کلمہ پڑھنے کے بجائے فقط لا پڑھ رہے ہیں۔ جب تھوڑی دیر بعد ان کی طبیعت سنبھلی اور ہوش میں آئے تو کچھ باتیں بھی کرنے لگے۔

؎ آپ کی ولادت ۲۵ رمضان ۵۴۴ھ میں ہوئی اور وفات یکم شوال بروز ۶۰۶ھ میں ہوئی۔ (تفسیر کبیر)

Qasaid Qasmi by Abdul Ahad



بیمن افضال الٰہی و فیض نامتناہی

از حضرت مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ

الموسوم بہ

قصائد قاسمی ۱۳۰۹

و باہتمام جناب مولوی حافظ محمد عبد الاحد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

بمطبع مجتبائی دہلی طبع گردید

Qasaid Qasmi by Abdul Ahad

Note down the poetry, seeking help and nida of ya rasool allah is permissible in deobandi books.


6

کروڑوں جرموں کے آگے یہ نام کا اسلام

کرے گا یا نبی اللہ کیا مرے پہ پکار

QASAID E QASMIA, PAGE No. 6

Qasaid Qasmi by Abdul Ahad



قصائد قاسمی


مدد کر اے کرم احمدی کہ تیرے سوا
نہیں ہے قاسم بیکس کا کوئی حامی کار

دیا ہے حق نے تجھے سب سے مرتبہ عالی
کیا ہے سارے بڑے چھوٹوں کا تجھے سردار

QASAID E QASMIA, PAGE No. 7

Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi

In these references, Thanvi sahab is explaining about contradiction between Hifzul Emaan & Nasheeru Teeb and after that describing one hadith quoted by Ibn Qayyim in his book Jala Al Afham. Kindly read all the pages for complete details. He has described his belief as well.



Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi

یارسول اللہ گفتن

سوال (۳۳۴) یارسول اللہ کہنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب ۔ عوام کو منع کرنا چاہئے ۔ ۹ رجب ۱۳۲۵ھ (امداد، ج: ۴، ص: ۱۲۰)

ایضاً

سوال (۳۳۵) کتاب نشر الطیب ورسالہ حفظ الایمان کے دیکھنے سے دوشبہے پیدا ہوئے جن کا استفسار ہے (۱) جناب کے نزدیک یارسول اللہ جائز نہیں، جیسا کہ اسی کتاب کی فصل ۳۸ بیان توسل سے ظاہر ہے فصل ۲۱ شیم الحبیب مصنفہ مفتی الٰہی بخش صاحب کے آخر میں جو قصیدہ نقل کیا گیا ہے اس میں چند جگہ الفاظ یا موجود ہے، اور جناب نے ہر طریقہ سے منع فرمایا، واقعی عوام میں غلو ہے اور علماء کو ان کی حفاظت کے واسطے منع فرمایا یہ بھی درست ہے، پھر اس قسم کی نظمیں اس کتاب میں لکھدی گئیں اس کو عوام پڑھیں گے اور علماء بیان کریں گے، گویا منع وجواز ایک کتاب میں جمع ہو گئے ۔

الجواب ۔ بارادۂ استعانت واستغاثہ یا باعتقاد حاضر وناظر ہونے کے منھی عنہ ہے اور بدون اس اعتقاد کے محض شوقاً واستلذاذاً ماذون فیہ ہے چونکہ اشعار پڑھنے کی غرض محض اظہار شوق واستلذاذ ہوتا ہے، اسلئے نقل میں توسع کیا گیا، لیکن اگر کسی جگہ اس کے خلاف دیکھا جائے گا منع کردیا جائے گا ۔

۱۵ ربیع الثانی ۱۳۵۰ھ (النور، ص: ۸، شوال ۱۳۵۰ھ)

معنی قائم بودن جنت

سوال (۳۳۶) جنت ودوزخ قائم ہوچکی ہے یا بعد قیامت قائم کی جائے گی، چونکہ کتاب مظاہر حق میں یہ عبارت ہے کہ معراج میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت ابراہیم خلیل اللہ نے یہ کہا کہ یا محمد ﷺ اپنی امت سے میرا اسلام کہہ دیجیو اور یہ فرمادیجیو کہ جنت صرف چٹیل میدان ہے، اس عبارت سے کیا ثبوت ہوتا ہے، جواب باصواب مشرف فرمادیں ؟

الجواب ۔ دوزخ جنت پیدا ہوچکی، البتہ احادیث سے یہ بات ضرور معلوم ہوتی ہے کہ علاوہ ان نعمتوں کے جو جنت میں پیدا ہوچکی ہیں، یوماً فیوماً اور نعمتیں بھی پیدا ہوتی جاتی ہیں، اب اس حدیث کے معنی ظاہر ہوگئے، کہ جنت چٹیل میدان ہے، مطلب یہ کہ بعض حصہ جنت کا ایسا ہے اور ذکر وتسبیح سے اس میں اشجار پیدا ہوتے ہیں ۔ فقط ۹ رجب ۱۳۲۵ھ (امداد، ج: ۴، ص: ۱۲۰)

Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi



امداد الفتاویٰ جلد پنجم ۳۵۷ کتاب العقائد والکلام

IMDADUL FATWA, VOL-5

تحقیق یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ

سوال (۳۰۶) کلمہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ کے ورد کے متعلق جناب کی رائے مبارک کیا ہے، قرآن کریم کی صدہا آیات ظاہری طور پر تو اس کے مخالف نظر آتی ہیں اور نیز حضرت قاضی ثناء اللہ صاحبؒ جیسے متبحر عالم اور صوفی بھی اس سے منع کرتے ہیں، گو دوسری طرف شاہ غلام علی شاہ صاحب اور حضرت مرزا جان جاناں صاحب جیسے اعلیٰ درجہ کے صوفی اسکے عامل نظر آتے ہیں، خود اعلیٰ درجہ کے علماء اور فضلاء اور صوفیاء میں ایسے اہم مسائل کے متعلق اختلاف دیکھ کر ہمارے جیسے کم علم جن کو دینی بصیرت کما حقہ حاصل نہیں، حیران اور سرگرداں رہ جاتے ہیں، اور یہ اختلاف حنفی شافعی مالکی حنبلی یا مقلدین اور غیر مقلدین کے خفیف اختلافات سے کوئی تشابہ نہیں رکھتا، اس کا ایک فریق تو زبردست دلائل سے اس کو شرک ٹھیراتا ہے اور دوسرا فریق ایک لائق پلیڈر کا پارٹ لیکر اس کی حمایت کے واسطے ویسے ہی زبردست دلائل پیش کرتا ہے، امید ہے کہ جناب بندہ نوازی فرما کر اس کے متعلق رائے مبارک کا اظہار فرمادیں گے؟

الجواب۔ ایسے امور ومعاملات میں تفصیل یہ ہے کہ صحیح العقیدہ سلیم الفہم کے لئے جواز کی گنجائش ہوسکتی ہے، تاویل مناسب کرکے، اور سقیم الفہم کیلئے بوجہ مفاسد اعتقادیہ وعملیہ کے اجازت نہیں دی جاتی، چونکہ اکثر عوام بدفہم اور کج طبع ہوتے ہیں ان کو علی الاطلاق منع کیا جاتا ہے، اور منع کرنے کے وقت اس کی علت اور مدار نہی کو اس لئے بیان نہیں کیا جاتا کہ قیاس فاسد کرکے ناجائز امور کو جائز قرار دے لیں گے، جیسے عوام کی عادت ہے کہ دو امروں کو جن میں تفاوت ہے مساوی سمجھ کر ایک کے جواز سے دوسرے پر بھی جواز کا حکم لگا لیتے ہیں، اس لئے ان کو مطلقاً منع کیا جاتا ہے، اس قاعدہ کے دریافت کرلینے کے بعد ہزارہا اختلاف جو ان امور میں واقع ہیں ان کی حقیقت منکشف ہوجاوے گی، اس کی ایسی مثال ہے کہ بوجہ رداءت اکثر مزاجوں کے کوئی ڈاکٹر کسی فصلی چیز کے کھانے سے عام طور پر منع کردے مگر خلوت میں کسی خاص صحیح المزاج آدمی کو بعض طرق وشرائط کے ساتھ اسی چیز کی اجازت دیدیں، اس تقریر سے مانعین ومجوزین کے اقوال میں تعارض نہ رہا، مگر یہ اجازت عوام کے حق میں سم قاتل ہے۔ (امداد، ج: ۴، ص: ۹۳)

تحقیق مسئلہ ارادۂ رضا

سوال (۳۰۷) بعد آداب بصد نیاز گذارش ہے کہ کل بتاریخ ۲۶ اپریل وقت بارہ بجے دن کے دولڑکے توام پیدا ہوئے، ان میں سے ایک مرگیا دوسرا زندہ ہے اس موقع پر جو خیال میرے دل میں

Meaning of few words from Ferozul Lughat Dictionary

سَلیم۔ (سَ۔لِیم) [ع۔صف] (۱) ٹھیک۔ درُست۔ کامل۔ پُورا (۲)
سادہ دل۔ صاف دل (۳) تن درست۔ چنگا (۴) (اُز) حلیم۔ بردبار
خاموش۔ صلح پسند (۵) شہنشاہ جہانگیر کی عرفیت۔

سَقیم۔ (سَ۔قِیم) [ع۔صف] (۱) بیمار (اُز) خراب۔ خستہ۔ ابتر۔ ردّی۔
سقیم الحال۔ [ع۔صف] (۱) ناتواں۔ کم زور (۲) بیمار۔ مریض (۳) بہت مفلس۔

فہم۔ [ع۔امث] سمجھ۔ دریافت۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف۔

کج فہم۔ [ف۔صف] خود رائے۔ اُلٹی رائے کا۔
کج فہمی۔ [ف۔امث] ناسمجھی۔ غلط فہمی۔

طبع۔ [ع۔امث] (۱) طبیعت۔ فطرت۔ مزاج۔ سرشت۔ خصلت (۲) چھاپنا

فصلی۔ (فص۔لی) [ع۔امذ] فصل سے منسوب۔ موسمی۔ رُت کا۔
فصلی بخار۔ [ع۔ف۔امذ] وہ بخار جو موسم بدلنے کے زمانے میں آتا ہے۔ ملیریا۔

مانع۔ (ما۔نِع) [ع۔امذ] منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سدِّ راہ (۲)
ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ۔

...بیت۔ [ع۔امث] پاگل پن۔ دیوانگی۔
مُجوَّز۔ (م۔جَو۔وَز) [ع۔صف] تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا۔
مُجوِّز۔ (م۔جَو۔وِز) [ع۔صف] تجویز کرنے والے۔ رائے دینے والا۔ فیصلہ دینے والا (۲) جائز رکھنے والا (۳) اصرار کرنے والا۔ مُصر۔

Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi

جاتے ہیں یقیناً ان کا قلب مرض خفی سے ان امور میں خالی نہیں، واللہ اعلم

۲۷ رذی الحجہ ۱۳۲۲ھ (امداد، ج:۴، ص:۱۰۷)

دفع شبہ از آیت بر وفات عیسیٰ علیہ السلام

سوال (۳۱۸) زید اس آیت قرآنی سے ثبوت وفات حضرت مسیح علیہ السلام کا دیتا ہے اس کا کیا جواب ہے **والذین یدعون من دون اللہ لایخلقون شیئًا وھم یخلقون اموات غیر احیاء وما یشعرون ایان یبعثون**۔ آج کل روئے زمین پر سب سے بڑھ کر مسیح کی پرستش ہو رہی ہے، اور معبود قرار دیا گیا ہے، خود لقد کفر الذین قالو ان اللہ ھو المسیح ابن مریم سے بھی ثابت ہے، اللہ تعالیٰ اس کی نسبت فرماتا ہے مردے ہیں زندہ نہیں۔ اموات پھر غیر احیاء ڈبل تاکید، یہ آیت صرف بتوں کے حق میں نہیں ہو سکتی، حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت عام تھی کوئی قرینہ اس پر دال نہیں **ھم یخلقون** سے بھی یہی نتیجہ نکل سکتا ہے، کیونکہ مسیح علیہ السلام پیدا کیے گئے ہیں ایان[1] **یبعثون** پر غور ہو بقول شخصے کہ یہ ایسے معبودوں کے متعلق ہے جو قبر میں مدفون ہیں چونکہ یہ آیت ہے اس کا جواب آیات قرآنی سے دیا جاتا ہے تبیانا لکل شیء پر بھی نظر کرتے ہوئے کسی تفسیر کا حوالہ دینے کے بجائے قرآن کی تفسیر قرآن ہی سے کرنا بہتر ہے، جواب میں کسی فرقہ کے بزرگ کو برا نہ کہا جاوے، جو کچھ لکھیں انصاف سے تعصب کا مطلقاً دخل نہ ہو رائے آزاد ہو، تقلید کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی نہ ہو، ہر لفظ پر محققانہ بحث ہو، تمام ممکن الوقوع سوالوں کو پیش نظر رکھا جاوے؟

الجواب۔ اس میں بت مراد ہوں اور الوہیت مسیح علیہ السلام کی، دوسری آیت سے باطل ہو تو عموم رسالت کے کیا خلاف ہوا۔ ۲۴ رجب ۱۳۲۲ھ (امداد، ج:۴، ص:۱۰۳)

جواب استدلال بروایتی در باب سماع نبوی درود بلاواسطہ

سوال (۳۱۹) خادم کا عقیدہ یہ ہے کہ درود شریف کو فرشتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتے ہیں، اس بناء پر الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اگر پڑھا جاوے تو یہ خیال کیا جاتا ہے کہ فرشتے پہونچا دیں گے، خود سماع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بلاواسطہ نہیں ہوتا، مگر استاذی مولانا مولوی صاحب مدظلہ چند روز ہوئے آرہ تشریف لے گئے تھے ایک بزرگ نے ایک کتاب ابن قیم

(۱) شاید یہ معنی کہہ بیٹھے گا کہ بت نہیں جانتے کہ مردے کب اٹھائے جاویں گے پھر بھی اعتراض باقی ہے نیز یہ کہ مسیح چونکہ بعد نزول کے فوت ہو جاویں گے اس لئے اموات کہہ دیا، صفت مشبہ میں استقبال کہاں، اور دلیل پہلے اور مدلول کا وقوع بعد میں کیا معنی ۱۲ سائل

Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi

جوزی کی جس کا نام جلاء الافہام فی الصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام ہے دیکھنے کو دی، اس میں حدیث موجود ہے، جس کو مولانا نے نقل فرمایا ہے۔

حدثنا یحیی بن ایوب العلاف حدثنا سعید بن ابی مریم حدثنا یحیی ابن ایوب عن خالد بن زید عن سعید بن هلال عن ابی الدرداء قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اکثروا الصلوٰة علی یوم الجمعة فانه یوم مشهود تشهده الملائکة لیس من عبد یصلی علیّ الابلغنی صوته حیث کان قلنا وبعد وفاتك قال وبعد وفاتی ان لله حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء۔

اس حدیث میں کوئی کلام بھی نہیں کیا، کہ ضعیف ہے یا موضوع، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص کی آواز کو سماع فرماتے ہیں بلا واسطہ ملائکہ، اس کے معنی بیان فرمادیں، تاکہ تردد رفع ہو یا ایسا ہی عقیدہ رکھنا چاہئے، آں حضور کا کیا ارشاد ہے ؟

الجواب۔ اس سند میں ایک راوی یحییٰ بن ایوب بلانسب مذکور ہیں، جو کئی راویوں کا نام ہے جن میں سے ایک غافقی ہیں، جن کے باب میں ربما اخطاء لکھا ہے یہاں احتمال ہے کہ وہ ہوں، دوسرے ایک رواى خالد بن زید ہیں یہ بھی غیر منسوب ہیں، اس نام کے رواۃ میں سے ایک کی عادت ارسال کی ہے اور یہاں عنعنہ سے ہے، جس میں راوی کے متروک ہونے کا اور اس متروک کے غیر ثقہ ہونے کا احتمال ہے، تیسرے ایک راوی سعید بن ابی ہلال ہیں جن کو ابن حزم نے ضعیف اور امام احمد نے مختلط کہا ہے، وہذا کلہ من التقریب، پھر کئی جگہ اس میں عنعنہ ہے جس کے حکم بالاتصال کیلئے ثبوت تلاقی کی حاجت ہے۔

یہ تو مختصر کلام ہے سند میں باقی رہا متن سو اولاً معارض ہے دوسری احادیث صحیحہ کے ساتھ چنانچہ مشکوٰۃ میں نسائی اور دارمی سے بروایت ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ حدیث ہے، قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لله ملئکة سیاحین فی الارض یبلغونی من امتی السلام، اور یہی حدیث حصن حصین بحوالہٗ مستدرک حاکم وابن حبان بھی مذکور ہے، اور نیز مشکوٰۃ میں بیہقی سے بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حدیث ہے قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صلی علی عند قبری سمعته ومن صلی علیّ نائیا بلغته۔ اور نسائی کی کتاب الجمعہ میں بروایت اوس بن اوس یہ حدیث مرفوع ہے فان صلوتکم معروضة علی الحدیث، یہ سب حدیثیں صریح ہیں عدم السماع عن بعید میں، اور ظاہر ہے کہ جلاء الافہام ان کتب کی برابر قوت میں نہیں ہوسکتی، لہٰذا اقویٰ کو ترجیح ہوگی، ثانیاً لفظ بلغنی صوته محتمل تاویل ناشی عن دلیل کو ہے، واذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال اور وہ دلیل

Imdadul Fatwa by Ashraf Ali Thanvi

جو منشاء تاویل کا ہے دوسری احادیث مذکورہ ہیں، پس ضرورت جمع بین الاحادیث اس لفظ کی یہ توجیہ ہوگی کہ صوت سے مراد جملہ صلوتیہ ہے، کیونکہ کلام اور کلمہ قسم ہے لفظ کی اور وہ قسم ہے صوت کی، پس درود شریف بھی ایک صوت ہے، اور بلاغ عام ہے بلاغ بالواسطہ اور بلاواسطہ کو اور بقرینہ دوسری احادیث کے بلاغ بوالواسطہ متعین ہے، پس معنی بلغنی صوتہ کے یہ ہوں گے بلغنی صلوۃ بواسطۃ الملائکۃ رابعاً اگر حدیث کے ضعف سند اور متن کے معارض ومحتمل تاویل ہونے سے قطع نظر کر لی جاوے اور کل ازمنہ وامکنہ واحوال اور جمیع مصلین میں عام لیا جاوے تب بھی اہل حق کے کسی دعوے مقصودہ کو مضر نہیں اور نہ ان کے غیر کے کسی دعوے مقصودہ کو مفید، اگر اس اجمال پر قناعت نہ ہو تو اس ضرر یا نفع کو متعین کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جواب میں بھی تفصیل ہوگی، واللہ اعلم۔


بعد تحریر جواب ہذا بلاتوسط فکر قلب پر وارد ہوا کہ اصل حدیث میں صوتہ نہیں ہے بلکہ صلوٰۃ ہے کہ کاتب کی غلطی سے لام رہ گیا ہے، امید ہے اگر نسخ متعددہ دیکھے جائیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ کسی نسخہ میں ضرور اسی طرح نکل آوے گا والغیب عند اللہ تعالیٰ فقط۔ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۲۲ھ (امداد، ج:۴، ص:۱۰۴)

عموم قدرت واجبہ صدق وکذب را

سوال (۳۲۰) امکان کذب میں ایک عالم نے ایسی تقریر کی جس سے شبہ پیدا ہو گیا، وہ یہ کہ کلام صفت باری تعالیٰ کا قدیم ہے، اور تمام صفات اس کے کمال کے ہیں اور کذب نقص وعیب ہے، اس سے منزہ ہونا ضروری ہے، الہٰذا صفت کا صفت یعنی صدق بھی قدیم ہوگا، پس اس کا خلاف ممکن نہیں، اور صفات پر قدرت کا تعلق نہیں ہو سکتا، کیونکہ قدرت ممکنات پر ہے صفات قدیم ہیں اور اس کا کلام صادق ہونا ازلاً وقدماً بایں وجہ ضروری ہے کہ تمام صفات اس کے کمال کی ہیں، نقص اس میں ممکن نہیں لہٰذا کذب غیر ممکن ہے۔ اس کا جواب شافی عطاء ہو۔

الجواب۔ امکان وامتناع کے باب میں اس تقریر کی لطافت اور حقیقت میں کوئی کلام نہیں، مگر تمام تر متعلق کلام نفسی کے ہے، سو اس مرتبہ میں صدق کے وجوب بالذات اور کذب کے امتناع بالذات میں کسی کا اختلاف نہیں، بلکہ بحث کلام لفظی میں ہے کہ جبکہ وہ افعال میں سے اور مخلوق ہو جیسا ماتریدیہ کا مسلک ہے، سو اس میں یہ تقریر نہیں چلتی بلکہ افعال پر بوجہ مخلوق ہونے کے قدرت ہونا ضروری ہے، اور قدرت ہمیشہ ضدین کیساتھ متعلق ہوتی ہے، جس سے اس قدرت کا تعلق مثل صدق کے اس کی ضد کے ساتھ بھی واجب ہوگا گویا بالغیر و ممتنع الوقوع ہو خلاصہ یہ کہ صفات میں نقص ممتنع بالذات اور افعال میں ممتنع بالغیر واللہ اعلم۔ ۲۶ ذیقعدہ ۱۳۲۲ھ (امداد، ج:۴، ص:۱۰۶)

Imdadul Mushtaq by Ashraf Ali Thanvi



Imdadul Mushtaq by Ashraf Ali Thanvi
Conditions described for proclaiming “Ya Rasool Allah”.

الاطلاع ما لا یرید صاحب البیت الاطلاع علیہ۔

(۶۵) فرمایا کہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللّٰہ بصیغہ خطاب میں بعض لوگ کلام کرتے ہیں۔ یہ اتصال معنوی پر مبنی ہے لہ الخلق والامر عالم امر مقید بجہت و طرف و قرب و بعد وغیرہ نہیں ہے پس اس کے جواز میں شک نہیں ہے۔ (حاشیہ) **قولہ** پس اس کے جواز میں شک نہیں ہے **اقول** یعنی جس کو اتصال معنوی مع الکشف نصیب ہو وہ اس قرب کے مکشوف ہونے پر بلاواسطہ خطاب کر سکتا ہے ورنہ یوں سمجھ لے کہ ملائکہ پہنچا دیں گے البتہ اگر اس خطاب سے عوام میں مفسدہ ہو تو اس کا اظہار ممنوع ہوگا۔

(۶۶) فرمایا کہ وظائف میں عدد طاق عمدہ ہیں نو ہوں یا گیارہ۔

(۶۷) ایک آدمی نے پوچھا کہ ہمہ اوست و لاموجود کے کیا معنی؟ فرمایا کہ دونوں مرادف ہیں جو کوئی طالب علم ہو اس کے معنی سمجھ سکتا ہے۔ اس کی مثال یوں ہے کہ جیسے مہندس نقشہ کسی عمارت کا اپنے ذہن میں خیال کرے اور تصور کرے پس اصل میں وجود و قیام عمارت کا ہو گیا بعدہ جو در و دیوار ظاہر ہوں گے وہ پرتو حاضر فی الذہن کے ہوں گے۔ اسی طرح صفات اللہ کے ہیں مثل علم و قدرت اور تمامی کائنات پر تو انہیں دو صفت کے ہیں۔ تمام مخلوق علم حق تعالیٰ میں تھی اسی کے موافق ظاہر ہوئی بس یہ سب پرتو و ظل علم الٰہی ہے اور ظاہر ہے کہ خدا کے صفات اس کی ذات سے علیحدہ نہیں ہیں، لامحالہ لاموجود الا اللہ و ہمہ اوست پیدا ہے جملہ اوّل فانی آخر فانی اور درمیان میں جو کچھ ظاہر ہوا محض خیال و تصور ہے اور کہتے ہیں کہ یہ مسئلہ کشفی ہے میں کہتا ہوں کہ کشفی بھی ہے اور عقلی و نقلی بھی نہ صرف کشفی۔ عقل کے کئی اقسام ہیں عقل معاش و معاد عقل کل و جزو معقولی جو عقل معاد نہیں رکھتے محض نامعقول ہیں۔ (حاشیہ) **قولہ** اس کی مثال یوں ہے **اقول** یعنی تقریب فہم کے لیے نہ کہ بعینہ یہی حال ہے تعالیٰ اللہ ۱۲ **قولہ** اس کی ذات سے علیحدہ نہیں ہیں **اقول** یہاں ایک مقدمہ مطوی ہے وہ یہ کہ پرتو اور ظل کا وجود مستقل نہیں پس وجود حقیقی و مستقل صرف حق تعالیٰ کے لیے ہوا اور صفات کو پہلے ہی تغائر نہیں پس وجود حقیقی واحد ہی ہوا ۱۲ **قولہ** جملہ اوّل فانی آخر فانی **اقول** یعنی جملہ اشیاء اوّل بھی معدوم تھیں پھر بھی معدوم

Tazira Khaleel by Ashiq Ilahi Meerathi



إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝

الحمد للہ کہ سوانح قدوة العلماء تاج المحدثین زبدة الفقہاء سراج الناظرین

امام الہمام الاوحد مولانا الشیخ ابی ابراہیم خلیل احمد المدنی المہاجر قدس سرہٗ

بنام

تذکرۃ الخلیل

جس کے ضمن میں حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب کاندھلوی، مولانا مظفر حسین صاحب کاندھلوی، شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی، مولانا الحاج صدیق احمد صاحب انبھٹوی، اور مولانا الحاج الشیخ عبدالرحیم صاحب رائپوری قدس اللہ اسرارہم کے پیارے حالات بھی آگئے ہیں۔ اور ہندوستان کی مشہور دینی درسگاہ مظاہر علوم کے دارالطلبہ وکتب خانہ اور قدیم دارالحدیث کے تین عکسی فوٹو مطبوعہ بھی شامل ہیں

مؤلفہٗ

حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر مکتبۃ الشیخ ۳/۴۴۵۔ بہادرآباد۔ کراچی

Tazira Khaleel by Ashiq Ilahi Meerathi

According to deobandis, only allah is ghouse. Calling someone as ghouse is shirk. In this poetry Khaleel Ahmed is addressed as ghouse and also they

describing that he is abdal of the time who can help all the needy people with the power given to him. If we say the same to ambiya kiraam deobandis shout as shirk and label sunnis as grave worshippers. This is called ignorance. Alhamdulillah we sunnis are blessed because our ghouse is Shaykh Abdul Qadir Jeelani Rahmathullah Alaihi.



۷۲


TAZKIRAT-U-KHALEEL BY AASHIQ ILAHI MEERATHI. PAGE No. 72

قافلہ سالارِ ما روشن ضمیر — آں رشید احمد شہ برنا و پیر
قطبِ عالم غوثِ دوراں بے مثال — گنجِ عرفاں نورِ ایقاں خوش خصال
زندہ دل زندہ نفس والاصفات — تشنگانِ عشق را آبِ حیات
ہادیِ گم گشتگانِ راہِ حق — حجتے بر خلق از ربِ الفلق
ذیلِ او از فضل و امدادِ الہ — طالباں را مے برد تا پیش گاہ
ظلِ او زندہ کند مردہ دلاں — قلبِ او روشن کند قلبِ جہاں
بے نیاز از خلق آں خادم نواز — با خدا راز و نیاز و دلگداز
گر بگویم تا قیامت نعتِ او — ہیچ آں را مقطع و غایت مجو

۱ ہمارے قافلہ کا نورانی دل والا سردار وہ رشید احمد جوانوں بوڑھوں کے بادشاہ۔ ۲ جہان کے قطب (جن پر احکام تکوینی یعنی اختیار انسانی سے باہر کا مدار ہوتا ہے) زمانہ کے غوث (وہ ولی جو دعا و تصرف سے سب کی مدد کرتا ہو) بے مثال معرفت الٰہی کا خزانہ یقین کے نور پاکیزہ عادات والے۔ ۳ اللہ کی لگن سے زندہ دل زندہ روح والے بلند صفتوں والے عشق کے پیاسوں کے لئے آب حیات ۴ حق کے راستے سے گم ہونے والوں کے لئے ہدایت بخش دن کو رات سے جدا کرنے کے رب کی طرف سے مخلوق پر ان کی دلیل جو حق کو باطل سے جدا کر دے ۵ ان کا دامن اللہ کی امداد و فضل سے طالبوں کو بارگاہ الٰہی میں لیجاتا ہے۔ ۶ ان کا سایہ مردہ دلوں کو زندہ کر دیتا ہے ان کا دل سارے جہان کے دلوں کو روشن کر رہا ہے۔ ۷ مخلوق سے بے نیاز مگر خادموں کو خوب نوازنے والے اور خدا کے ساتھ دل پگھلانے کے راز و نیاز والے ۸ اگر میں قیامت تک بھی ان کی ثنا کرتا رہوں تو کچھ بھی اس کی حد و انتہا نہ تلاش کر وہ ختم ہونے والی نہیں۔ ۹ ایک کی طلب۔
۱۰ یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل ہے وہ جس کو چاہے دیدیتے ہیں۔ (جمیل احمد)

Hadiatul Mehdi by Waheeduzzaman (Ghair Muqallid)

Note down the statements by ghair muqallid waheeduzzaman about the permissibility of saying "Ya Rasool Allah". Arabic version also attached for reference.



Hadiatul Mehdi by Waheeduzzaman (Ghair Muqallid)

جبکہ مشائخ صوفیہ قدس اللہ اسرارہم اور بعض مجتہد رحمہم اللہ نے اہل قبور سے استمداد کا اثبات کیا ہے

انکار نہ کریں

ہمارے شیخ مولانا اسحاق نے اپنی کتاب ماۃ مسائل میں کہا ہے ”یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے میں کہتا ہوں جب فوت شدگان کے لئے سماع و ادراک ثابت ہے تو اس سے کون سی چیز مانع ہے بالخصوص جب یہ امر اولیاء میں سے اُن کثیر لوگوں کا تجربہ ہے جن کی تعداد کا حصر نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی عقل اُن کی تکذیب کرتی ہے بلاجو اس کے زیارتِ سُنّت پر احوط دا اقتصار کریں اور اُن اُمور کا انکار ترک کردیں“

